کثیرالانتخابی سوالات

01۔ صبح قریش کی آنکھیں کھلیں، تو پلنگ پر آنحضرت ﷺ کی بجائے تھے:

(a) حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ (b) حضرت عمر رضی اللہ عنہ

(c) حضرت عثمان رضی اللہ عنہ (d) جناب امیر رضی اللہ عنہ

02۔ میرؔ اور مرزؔا کے کلام پر تکرار کرنے والے کس کے مرید تھے؟

(a) مرزا غالبؔ کے (b) میر دردؔ کے (c) خواجہ باسط کے (d) سوؔدا کے

03۔ سلیم کو کس نے آکر جگایا؟

(a) حضرت بی نے (b) بیدارا نے (c) ماں نے (d) باپ نے

04۔ ننھا عید کے روز میلے میں سے لایا تھا:

(a) کھلونا گاڑی (b) غلیل (c) لٹو (d) مٹھائی

05۔ میں نے بھی تقدیر اور تدبیر پر لیکچر دے کر ثابت کر دیا کہ تدبیر کوئی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

(a) مسئلہ نہیں (b) چیز نہیں (c) معاملہ نہیں (d) پریشانی نہیں

06۔ دن بھر اُلو آرام کرتا ہے اور رات بھر کرتا ہے:

(a) کُو کُو (b) چوں چوں (c) تُو تُو (d) ہو ہو

07۔ دکان کھولنے سے پہلے دکاندار کو چاہیے کہ وہ دہشت گردی کے حوالے سے جائزہ لے:

(a) اردگرد کے افراد کا (b) اردگرد مشکوک اشیاء کا

(c) اردگرد کی دکانوں کا (d) تالوں کا

08۔ کملی میں کون مگن رہتا ہے؟

(a) گدا (b) شاہ (c) درویش (d) فقیر

09۔ امیر مینائی نے بے داغ لالہ اور بے خار گُل کسے کہا ہے؟

(a) پھولوں کو (b) آنحضرت ﷺ کو (c) صحابہ کرام کو (d) بزرگانِ دین کو

10۔ عمر دراز مانگ کے لائے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔

(a) چار گھنٹے (b) چار دن (c) چار ماہ (d) چار سال

11۔ تاریک کا متضاد ہے:

(a) روشنی (b) چاندنی (c) روشن (d) اندھیرا

12۔ مسرت کا مترادف ہے:

(a) حسرت (b) حیرت (c) ہنسی (d) خوشی

13۔ فقیر کی مؤنث ہے:

(a) فقیرنی (b) فقیری (c) فقیرن (d) فقیریا

14۔ ذکر کی جمع ہے:

(a) ذاکر (b) اذکار (c) ذاکرین (d) مذکور

15۔ ادیان کا واحد ہے:

(a) دن (b) دنیا (c) دین (d) دیوان

16۔ ماں کی گود میں کون سویا ہوا تھا؟

(a) بلّی (b) سلیم (c) لڑکی (d) بیدارا

17۔ دہشت گردی کے خاتمے میں اہم کردار ہے:

(a) الیکٹرانک میڈیا کا (b) مسجد کا (c) مدرسے کا (d) تمام کا

18۔ ایک صحبت میں مرزا غالب کس کی تعریف کر رہے تھے؟

(a) ذوقؔ کی (b) مومنؔ کی (c) بہادر شاہ ظفرؔ کی (d) میر تقی میرؔ کی

19۔ کیا کیا رکھا ہے یارب،۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تیری قدرت

(a) مسلمان (b) سامان (c) انسان (d) حیوان

20۔ کس کی بنی ہے عالم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

(a) پائیدار میں (b) ارواح میں (c) ناپائیدار میں (d) بقا میں

21۔ "استاد" کی مؤنث ہے:

(a) استانی (b) استانیاں (c) استانیوں (d) استانیہ

22۔ "محنت" کی جمع ہے:

(a) ممتحن (b) محن (c) رہن (d) صحن

23۔ "داستان" کا مترادف ہے:

(a) حکایت (b) افسانہ (c) ڈرامہ (d) ناول

24۔ سبق "آرام و سکون" کے مصنف کون ہیں؟

(a) پریم چند (b) سید امتیاز علی تاج (c) مولوی نذیر احمد (d) میرزا ادیب

25۔ "قواضی" کا واحد:

(a) قاضی (b) قاضہ (c) قاضیہ (d) قواضیہ

26۔ "دوستانہ" کا متضاد ہے:

(a) یارانہ (b) مخالفانہ (c) تعلقانہ (d) امیرانہ

27۔ الطاف حسین حالی کے مطابق ربِّ کائنات کا قبضہ ہے:

(a) حکومتوں پر (b) دلوں پر (c) زندگیوں پر (d) انسانوں پر

28۔ یہ مصرع "اس زلف پہ پھبتی شب دیجور کی سُوجھی" کس شاعر کا ہے؟

(a) انشاؔ کا (b) جرأتؔ کا (c) دردؔ کا (d) میرؔ کا

29۔ بندے پر امتحان کا اثر نہیں تھا:

(a) رتی برابر (b) ذرّہ برابر (c) بالکل (d) معمولی

30۔ قوم کی بہتری کی توقع کی جاسکتی ہے:

(a) کاہلی چھوڑ کر (b) فکر مندی چھوڑ کر (c) خوش وخرم رہ کر (d) پریشان رہ کر

31۔ "اتفاق" کا متضاد ہے:

(a) نااتفاق (b) نفاق (c) متفق (d) اتفاقیہ

32۔ "امم" کا واحد ہے:

(a) امت (b) امین (c) امّی (d) آم

33۔ بہادر شاہ ظفرؔ نے شاملِ نصاب نظم میں خود کو کیا کہا ہے؟

(a) بدنصیب (b) خوش نصیب (c) بادشاہِ وقت (d) مفرور

34۔ شاملِ نصاب حمد کے شاعر کون ہیں؟

(a) امیر مینائیؔ (b) علامہ اقبال (c) حالیؔ (d) ماہر القادری

35۔ طالب علم نے-------------سے پوچھا کہ یہ پرچہ کس مضمون کا ہے؟

(a) کسی طالب علم (b) سپرنٹنڈنٹ (c) نگران (d) گارڈ

36۔ کھیل کے پیچھے کون دیوانہ بنا رہتا تھا؟

(a) سلیم (b) نصوح (c) بیدارا (d) منجھلا لڑکا

37۔ مرزا غالبؔ کے نہایت وسیع تھے:

(a) اخلاق (b) افکار (c) خصائل (d) کردار

38۔ "کمہار" کا مؤنث ہے:

(a) کہار (b) کمہارو (c) کمہاری (d) کمہارہ

39۔ "دانا" کا مترادف ہے:

(a) دان (b) نادان (c) عقلمند (d) مصروف

40۔ "رقم" کی جمع ہے:

(a) ارقام (b) رقیم (c) رقوم (d) راقم

41۔ خلوتِ اَوراق میں کون نغمہ زن تھے؟

(a) ڈالیاں (b) طیور (c) شاخیں (d) جانور

42۔ کاکول اکیڈمی واقع ہے:

(a) ایبٹ آباد (b) مظفر آباد (c) نتھیا گلی (d) گھوڑا گلی

43۔ شیخ جمعراتی کے بیٹے کا نام تھا:

(a) الگو (b) جمن (c) سمجھو (d) رام دھن

44۔ روٹی پیدا کرنے کے لئے نہایت ضروری ہے:

(a) آرام (b) خوشامد (c) سفارش (d) محنت

45۔ حافظ عالم نے مسلمانوں کو دارُالامان۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کی طرف رُخ کرنے کا حکم دیا۔

(a) مکہ (b) مدینہ (c) طائف (d) یمن

46۔ اپنے عہد کے قادر الکلام شاعر تھے:

(a) مولوی نذیر احمد (b) امیؔر مینائی (c) شبلی نعمانی (d) مولانا حالیؔ

47۔ سکولوں کو دہشت گردی سے محفوظ بنانے کے لئے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کی ضرورت ہے۔

(a) سیکیورٹی گارڈز (b) سی سی ٹی وی کیمروں (c) خاردار تار (d) ان تمام

48۔ میرزا اَدیب کا اصلی نام ہے:

(a) میرزا غالب (b) پریم چند (c) دلاور علی (d) کرنل محمد خان

49۔ "قاطع برہان" کے مصنف ہیں:

(a) ذوقؔ (b) مومنؔ (c) سوداؔ (d) غالبؔ

50۔ "یگانہ" کا متضاد ہے:

(a) اپنا (b) لگاؤ (c) بے گانہ (d) جانبدار

51۔ "دلہا" کی مؤنث ہے:

(a) بیوی (b) زوجہ (c) دلہن (d) خانم

52۔ "دَور" کی جمع ہے:

(a) دورہ (b) ادوار (c) دیواریں (d) دائرین

53۔ الطاف حسین حالی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں پیدا ہوئے۔

(a) لکھنؤ (b) پانی پت (c) دکن (d) اعظم گڑھ

54۔ اکثر کون گھبرایا کرتا ہے؟

(a) مبتدی (b) چور (c) جھوٹا (d) نالائق

55۔ طالب علم نے لاء کلاس کا کورس۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سال میں پورا کیا۔

(a) چار (b) دو (c) تین (d) پانچ

56۔ "داستان" کا مترادف ہے:

(a) ہدایت (b) حکایت (c) حمایت (d) ولایت

57۔ "حجابات" کا واحد ہے:

(a) حجب (b) حج (c) حجاب (d) حجائب

58۔ اُلو کی قسمیں بتائی جاتی ہیں:

(a) بیس (b) تیس (c) چالیس (d) چند

59۔ صَبا کہاں سے آتی ہے؟

(a) مدینہ سے (b) مکہ سے (c) ریاض سے (d) جدہ سے

60۔ کتاب "بانگِ درا" کا شاعر ہے:

(a) غالب (b) اقبال (c) حالی (d) آتش

61۔ "دو گز زمین بھی نہ ملی کوئے یار میں" کس کو؟

(a) میر تقی میر (b) بہادر شاہ ظفر (c) سوؔدا (d) نظیر اکبر آبادی

62۔ "خان" کی مؤنث ہے:

(a) خانی (b) خانو (c) خانم (d) خوانی

63۔ "تقدیم" کا متضاد ہے:

(a) قدیم (b) تاخیر (c) جدید (d) مُقدم

64۔ "دانا" کا مترادف ہے:

(a) عاقل (b) بالغ (c) دانہ (d) شریف

65۔ "امیر" کی جمع ہے:

(a) اوامر (b) آمر (c) امرا (d) امیرت

66۔ "اجداد" کا واحد ہے:

(a) جُدا (b) اجدا (c) اجد (d) جد

67۔ حضور پاک ﷺ نے غارِ ثور میں راتیں گزاریں:

(a) دو (b) تین (c) چار (d) پانچ

68۔ مرزا کی طبیعت میں بدرجہ غایت تھا:

(a) جود وسخا (b) اخلاص (c) مروت ولحاظ (d) صبر

69۔ "قاطع بُرہان" کے مصنف کون تھے؟

(a) ذوقؔ (b) مومنؔ (c) غالبؔ (d) سوداؔ

70۔ سبق "آرام وسکون" میں گھریلو ملازم کون تھا؟

(a) گلو (b) للّو (c) بِلو (d) ٹلو

71۔ نظیر اکبر آبادی کی شاعری ہے:

(a) انقلابی (b) مذہبی (c) عوامی (d) ہیجانی

72۔ شعر کے آخر میں آنے والے ہم آواز الفاظ کو کہا جاتا ہے:

(a) مرثیہ (b) مجاز مرسل (c) قافیہ (d) ردیف

73۔ "دیور" کی مؤنث ہے:

(a) دیوارنی (b) دیورنی (c) دیورانی (d) دیوارانی

74۔ "شریف" کا متضاد ہے:

(a) بدمعاش (b) غصیلا (c) بدقماش (d) پرہیزگار

75۔ "توکل" کا مترادف ہے:

(a) سوچ (b) امید (c) آس (d) بھروسہ

76۔ "کتاب" کی جمع ہے:

(a) کاتب (b) کتب (c) کتابت (d) کتابات

77۔ "اسالیب" کا واحد ہے:

(a) اسلیب (b) اسلاب (c) سلب (d) اسلوب

78۔ مرزا غالب کے نہایت وسیع تھے:

(a) افکار (b) اخلاق (c) خصائل (d) کردار

79۔ ملازم کیا چیز کُوٹ رہا تھا؟

(a) ریٹھے (b) نمک (c) مرچیں (d) گرم مسالا

80۔ کوا باورچی خانے کے پاس بہت رہتا ہے:

(a) ناخوش (b) اداس (c) خوف زدہ (d) مسرور

81۔ حضرت امیر رضی اللہ عنہ سے مراد ہیں:

(a) حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ (b) حضرت عمر رضی اللہ عنہ

(c) حضرت عثمان رضی اللہ عنہ (d) حضرت علی رضی اللہ عنہ

82۔ ڈاکٹر کے مطابق میاں کو کیا بیماری تھی؟

(a) شوگر (b) دل کی بیماری (c) سر درد (d) تکان اور حرارت

83۔ "لطف" کی جمع ہے:

(a) لطیف (b) الطاف (c) الطافت (d) لطائف

84۔ "دوستانہ" کا متضاد ہے:

(a) آمرانہ (b) جابرانہ (c) مخالفانہ (d) موافقانہ

85۔ مترادف کی فہرست ہے:

(a) راحت، آرام (b) حکایت، شکایت (c) حب، محب (d) شوق، خوف

86۔ "بھکاری" کی مؤنث ہے:

(a) تنبولن (b) دھوبن (c) بھکارن (d) درزن

87۔ "ممانی" کا مذکر ہے:

(a) ماما (b) مسات (c) ماموں (d) مہتر

88۔ جس نظم میں حضور ﷺ کی تعریف بیان کی گئی ہو وہ کہلاتی ہے:

(a) حمد (b) نعت (c) قصیدہ (d) رباعی

89۔ سانحہ پشاور کب پیش آیا؟

(a) 12 دسمبر 2014ء (b) 14 دسمبر 2014ء (c) 16 دسمبر 2014ء (d) 18 دسمبر 2014ء

90۔ والد صاحب قبلہ خوش تھے کہ بیٹا کسی زمانے میں بڑے بڑے وکیلوں کے کان۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

(a) کاٹے گا (b) کھینچے گا (c) کترے گا (d) مروڑے گا

91۔ شیخ جمن الگو چودھری کے ساتھ دور بیٹھے پی رہے تھے:

(a) چائے (b) پانی (c) لسّی (d) حقہ

92۔ لڑکوں کی نانی کو لوگ کہتے تھے:

(a) حضرت بی (b) بڑی بی (c) دادی بی (d) خالہ بی

93۔ سرسید احمد خان نے اُردو میں کون سی صنف کو رواج دیا؟

(a) کہانی (b) مضمون (c) نظم (d) غزل

94۔ مرزا غالب دوستوں کو دیکھ کر ہو جاتے تھے:

(a) ناراض (b) خوش (c) باغ باغ (d) غمگین

95۔ "آسائش" کا مترادف ہے:

(a) آرام (b) کام (c) آلام (d) عام

96۔ "فقیری" کا متضاد ہے:

(a) مال (b) دولت (c) بادشاہی (d) امیری

97۔ "اسباق" کا واحد ہے:

(a) سبق (b) سابق (c) سابقہ (d) سوابق

98۔ "حاکم" کی جمع ہے:

(a) حکم (b) حکیم (c) حکما (d) حکام

99۔ سبق "قدر ایاز" میں ماسٹر صاحب کس مہینے شکار کو نکلے؟

(a) ستمبر میں (b) نومبر میں (c) اکتوبر میں (d) دسمبر میں

100۔ "مقطع" کے لغوی معنی ہیں:

(a) جوڑنا (b) توڑنا (c) کاٹنا (d) اکھاڑنا

101۔ نظیر اکبر آبادی کا اصل نام ہے:

(a) ولی محمد (b) علی محمد (c) احمد علی (d) محمد علی

102۔ "کثیر" کا متضاد ہے:

(a) قلیل (b) قلت (c) تکاثر (d) اکثر

103۔ "صاحبزادہ" کی مؤنث ہے:

(a) صاحبزادے (b) صاحبزادی (c) شہزادی (d) صاحبزادگان

104۔ غالب کو فواکہ میں بہت مرغوب تھا:

(a) خربوزہ (b) انگور (c) سیب (d) آم

105۔ جرأت ہنس پڑے اور کیا اٹھا کر مارنے کو دوڑے؟

(a) لکڑی (b) اینٹ (c) گملا (d) کتاب

106۔ میاں صاحب کا نام کیا تھا؟

(a) اشتیاق (b) مشتاق (c) اسحاق (d) اشفاق

107۔ لاء کالج میں کون طالب علم کا دوست تھا؟

(a) لیکچرار صاحب (b) منشی صاحب (c) پرنسپل صاحب (d) چوکیدار

108۔ نعت میں طوطی کے ساتھ کون سا لفظ آیا ہے؟

(a) طوطا (b) بلبل (c) شاہین (d) کوّا

109۔ "ضربِ کلیم" کس زبان میں ہے؟

(a) اردو (b) فارسی (c) عربی (d) جرمن

110۔ بہادر شاہ ظفر کس ملک میں دفن ہیں؟

(a) بنگلہ دیش (b) بھارت (c) برما (d) سنگاپور

111۔ "نقل" کی جمع ہے:

(a) ناقل (b) منقول (c) نقلیں (d) نقول

112۔ "حکام" کا واحد ہے:

(a) حکم (b) حاکم (c) محکوم (d) محکومین

113۔ "رغبت" کا مترادف ہے:

(a) شوق (b) راغب (c) مرغوب (d) شوقین

114۔ بہادر شاہ ظفر کے کلیات میں اردو شاعری کے علاوہ بھی اشعار ہیں:

(a) پنجابی کے (b) گوجری کے (c) مرہٹی کے (d) فارسی کے

115۔ نظم "برسات کی بہاریں" کے شاعر ہیں:

(a) اختر شیرانی (b) نظیر اکبر آبادی (c) الطاف حسین حالی (d) علامہ اقبال

116۔ علامہ اقبال کی فارسی شاعری کا مجموعہ ہے:

(a) بانگِ درا (b) بالِ جبریل (c) زبور عجم (d) ضربِ کلیم

117۔ "پریم پچیسی" کے مصنف ہیں:

(a) منشی پریم چند (b) کرنل محمد خان (c) ڈپٹی نذیر احمد (d) میرزا ادیب

118۔ لوگ اکثر مرزا غالب کو خط لکھتے تھے:

(a) دکھ بھرے (b) بیرنگ (c) محبت بھرے (d) طویل

119۔ "نشیب" کا متضاد ہے:

(a) عروج (b) فراز (c) زوال (d) بلند

120۔ "ملک" کی مؤنث ہے:

(a) ملائکہ (b) ملکہ (c) ملکانی (d) ملکائن

121۔ "برج" کی جمع ہے:

(a) بیراج (b) برجوں (c) ابراج (d) بروج

122۔ "ذاکرین" کا واحد ہے:

(a) ذاکر (b) ذکر (c) مذکر (d) مذکور

123۔ "کشادہ" کا مترادف ہے:

(a) کشادگی (b) فرخ (c) فراخ (d) فراغ

124۔ "راحت" کا متضاد ہے:

(a) فرحت (b) رنج (c) مفرح (d) فرح

125۔ "بچھڑا" کی مؤنث ہے:

(a) بچھڑی (b) بچھڑے (c) بچھیا (d) بچھڑنا

126۔ "میاں لڑکے جوان ہوتے نظر نہیں آتے" یہ کہا تھا:

(a) سوؔدا نے (b) جرأت نے (c) غاؔلب نے (d) موؔمن نے

127۔ الگو جب کبھی باہر جاتے تو اپنا گھر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ چھوڑ جاتے۔

(a) سمجھو سیٹھ پر (b) رام دھن پر (c) جمن پر (d) گوڈر شاہ پر

128۔ تجمل کے پرائیویٹ سیکرٹری کا نام تھا:

(a) اختر (b) راشد (c) بابا (d) رؤف

129۔ پہاڑی کوّے کی لمبائی ہوتی ہے:

(a) ڈیڑھ فٹ (b) ڈیڑھ میٹر (c) دوفٹ (d) ڈھائی فٹ

130۔ لڑکے نے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کو گھر کے دروازے پر پایا تو چکرا سا گیا۔

(a) ہیڈ ماسٹر (b) پرنسپل (c) ماسٹر جی (d) حکیم جی

131۔ مرزا غاؔلب پیدا ہوئے:

(a) دلی میں (b) لکھنؤ میں (c) آگرہ میں (d) بنارس میں

132۔ "اَب" کی جمع ہے:

(a) ابو (b) ابا (c) آباء (d) بابا

133۔ قوم کی بہتری کی توقع کی جاسکتی ہے:

(a) کاہلی چھوڑ کر (b) فکر مندی چھوڑ کر (c) خوش و خرم رہ کر (d) پریشان رہ کر

134۔ بحوالہ سبق "قدرِ ایاز" الغرض ہمارے بنگلے کا مزاج ہر زاویے سے تھا:

(a) مدبرانہ (b) امیرانہ (c) خاکسارانہ (d) عاجزانہ

135۔ سبق "نصوح اور سلیم کی گفتگو" میں میاں اکیلے بیٹھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

(a) شطرنج کھیل رہے تھے (b) کھانا کھا رہے تھے

(c) کتاب پڑھ رہے تھے (d) لکھ رہے تھے

136۔ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔کے لغوی معنی سوار کے پیچھے بیٹھنے والے کے ہیں۔

(a) مطلع (b) مقطع (c) ردیف (d) قافیہ

137۔ "موج" کی جمع ہے:

(a) مواج (b) موجی (c) موجیں (d) امواج

138۔ "سُکان" کا واحد ہے:

(a) ساکن (b) سکن (c) ساقی (d) مسکن

139۔ سبق "پنچایت" میں خالہ نے کس کو پنچ بنایا؟

(a) سمجھو سیٹھ کو (b) رام دھن مصر کو (c) شیخ جمن کو (d) الگو چودھری کو

140۔ "عاقل" کا مترادف ہے:

(a) شوق (b) خوشی (c) اعتماد (d) دانا

141۔ تشبیہ کے ارکان کی تعداد ہے:

(a) تین (b) پانچ (c) سات (d) آٹھ

142۔ اصطلاح میں غزل یا قصیدے کے پہلے شعر کو کہا جاتا ہے:

(a) مطلع (b) مقطع (c) ردیف (d) قافیہ

143۔ "دارالمصنفین" قائم کیا:

(a) مولانا حالی نے (b) مولانا شبلی نے (c) سرسید نے (d) غالب نے

144۔ کس نے سودؔا کو میرؔ پر ترجیح دی:

(a) شیفتہ نے (b) مومن نے (c) غالب نے (d) ذوق نے

145۔ "رسالہ اسبابِ بغاوتِ ہند" کے مصنف ہیں:

(a) مولانا حالی (b) سرسید احمد خاں (c) شبلی نعمانی (d) ڈپٹی نذیر احمد

146۔ افسانوں کا مجموعہ "کرنیں" لکھا ہے:
(a) شفیق الرحمان نے (b) کرنل محمد خان نے (c) پریم چند نے (d) میرزا ادیب

147۔ دہشت گردی کو ختم کرنے کے لئے کام کرنا ہوگا:
(a) فوج کو (b) پولیس کو (c) عوام کو (d) سب کو

148۔ "پیوستہ رہ شجر سے اُمید بہار رکھ" کے شاعر ہیں:
(a) علامہ اقبال (b) ڈپٹی نذیر احمد (c) نظیر اکبر آبادی (d) امیر مینائی

149۔ خاندانِ مغلیہ کے آخری تاجدار تھے:
(a) میر تقی میر (b) بہادر شاہ (c) مرزا غالب (d) آتش

150۔ "اجرام" کا واحد ہے:
(a) جرم (b) جوہر (c) جراحت (d) اجراء

151۔ "خادم" کی جمع ہے:
(a) خائن (b) خزائن (c) خدام (d) خادمہ

152۔ "رنڈوا" کی مؤنث ہے:
(a) رانڈ (b) مالکن (c) مطلقہ (d) گنوارن

153۔ "زبردست" کا متضاد ہے:
(a) شاندار (b) نکما (c) زیردست (d) زیرک

154۔ "ظلمت" کا مترادف ہے:
(a) تیرگی (b) مظالم (c) ظالم (d) روشنی

155۔ حضرت محمد ﷺ نے امانتیں سپرد کیں:
(a) حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے (b) حضرت اسماء رضی اللہ عنہا کے
(c) حضرت امیر رضی اللہ عنہ کے (d) حضرت عامر بن فہیرہ کے

156۔ مولوی محمد باقر کے بیٹے تھے:
(a) سر سید احمد خان (b) شبلی نعمانی (c) محمد حسین آزاد (d) مولانا حالی

157۔ پریم چند کا اصل نام تھا:
(a) پریم رائے (b) دھنپت رائے (c) جمن شیخ (d) سمجھو سیٹھ

158۔ مولانا الطاف حسین حالی کو خطاب ملا:
(a) حالی (b) شمس العلماء (c) انصاری (d) مولانا

159۔ علامہ اقبال نے شاعری کا آغاز کیا:

(a) حمد سے (b) غزل سے (c) نعت سے (d) دعا سے

160۔ "استعارہ" کے لغوی معنی ہیں:

(a) اشارہ (b) کنایہ (c) ادھار لینا (d) خوبی

161۔ "حصہ" کی جمع ہے:

(a) حصہ دار (b) حصار (c) حاضرین (d) حصص

162۔ "ازواج" کا واحد ہے:

(a) زوج (b) زوائج (c) زوجین (d) زمانہ

163۔ "مہتر" کی مؤنث ہے:

(a) مہتری (b) مہارِن (c) مہترانی (d) مہارانی

164۔ "توکل" کا مترادف ہے:

(a) کشادہ (b) وسیع (c) بھروسہ (d) الفت

165۔ "رغبت" کا متضاد ہے:

(a) عقیدت (b) عصمت (c) نفرت (d) لگاؤ

166۔ ہجرت سے پہلے قرارداد ہو چکی تھی:

(a) حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ سے (b) حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے

(c) حضرت علی رضی اللہ عنہ سے (d) حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے

167۔ کرنلوں کو رہائش کے لئے کون سے بنگلے ملتے ہیں؟

(a) اے کلاس (b) بی کلاس (c) سی کلاس (d) ڈی کلاس

168۔ ایسا کلام جس میں اللہ تعالیٰ کی تعریف کی گئی ہو، کہلاتا ہے:

(a) حمد (b) نعت (c) غزل (d) مرثیہ

169۔ فصلِ خزاں میں ٹوٹ گئی:

(a) ڈالی (b) بالی (c) کلی (d) شاخ

170۔ میر تقی میر کی وجۂ شہرت کیا ہے؟

(a) نعت (b) غزل (c) حمد (d) قصیدہ

171۔ "آداب" کا واحد ہے:

(a) ادیب (b) اَدابا (c) اَدب (d) اَدبیہ

172۔ "قوت" کا متضاد ہے:

(a) ضعف (b) ظروف (c) ضعیف (d) طاقت

173۔ "ظلمت" کا مترادف ہے:

(a) اُجالا (b) تاریکی (c) روشنی (d) مسرت

174۔ ہجرت کے وقت آپ ﷺ کے پاس بہت سی جمع تھیں:

(a) تلواریں (b) امانتیں (c) کھجوریں (d) نعمتیں

175۔ الگو چودھری کا بیل کس نے خریدا؟

(a) شیخ جمن نے (b) رام دھن مصر نے (c) خالہ جی نے (d) سمجھو سیٹھ نے

176۔ سب سے مقدم حق کس کا ہے؟

(a) مسافر کا (b) راہ گیر کا (c) اللہ تعالیٰ کا (d) ہمسایہ کا

177۔ صبا کا مطلب ہے:

(a) شام کی ہوا (b) دوپہر کی ہوا (c) صبح کی ہوا (d) آدمی

178۔ "نواسا" کی مؤنث ہے:

(a) نواسن (b) نواس (c) نواسی (d) نوسن

179۔ "سرد" کا متضاد ہے:

(a) ٹھنڈا (b) گرم (c) نرم (d) لذت

180۔ "فراخ" کا مترادف ہے:

(a) لمبا (b) کشادہ (c) چوڑا (d) اونچا

181۔ "بدن" کی جمع ہے:

(a) بدنوں (b) بدان (c) ابدان (d) بدین

182۔ انشا اللہ خان ایک دن ملاقات کو گئے:

(a) غالب سے (b) میر درد سے (c) جرأت سے (d) میر تقی میر سے

183۔ سبق "ہجرتِ نبوی ﷺ" کے مصنف ہیں:

(a) سر سید احمد خان (b) مولانا شبلی نعمانی

(c) ڈپٹی نذیر احمد (d) مولانا الطاف حسین حالی

184۔ صبا کہاں سے آتی ہے؟

(a) طائف (b) مکہ (c) مدینہ (d) یمن

185۔ "آفت" کی جمع ہے:
(a) آفتیں (b) آفتوں (c) آفات (d) اُفق

186۔ "امانت" کا متضاد ہے:
(a) دیانت (b) خیانت (c) صداقت (d) شرافت

187۔ دیے گئے مترادف الفاظ کی فہرست ہے:
(a) آسان، مشکل (b) حکایت، شکایت (c) ذوق، خوف (d) عاقل، دانش مند

188۔ "چمار" کی مؤنث ہے:
(a) چوڑائی (b) چماری (c) بیوہ (d) بہو

189۔ سردار تجمل حسین کی کوٹھی کا نام تھا:
(a) النور (b) الفلاح (c) عشرت کدہ (d) النشاط

190۔ انسانی صفت کو کھو کر انسان بن جاتا ہے پورا:
(a) حیوان (b) شیطان (c) انسان (d) جانور

191۔ ماسٹر جی نے کس چیز کی فرمائش کی؟
(a) لسّی (b) چائے (c) کافی (d) کارن فلیک

192۔ نظم "برسات کی بہاریں" میں تذکرہ کیا گیا ہے:
(a) موسم گرما کا (b) خزاں کا (c) برسات کا (d) سردی کا

193۔ شاعر پہ کس طرح کی حالت طاری ہے؟
(a) خوشی کی (b) اضطراب کی (c) غمی کی (d) شراب کی

194۔ "اکبر" کی جمع ہے:
(a) اکابر (b) اقبار (c) اکبیر (d) کبیر

195۔ "دساتیر" کی واحد ہے:
(a) دستار (b) دستور (c) دستاور (d) دسترس

196۔ "کتا" کی مؤنث ہے:
(a) کُتی (b) کتورا (c) کُتیا (d) کُتنی

197۔ "عُسرت" کی مترادف ہے:
(a) سعرت (b) اسراع (c) کسرت (d) تنگ دستی

198۔ "قلیل" کا متضاد ہے:

(a) قلت (b) اکسیر (c) اکثریت (d) کثیر

199۔ "یادگارِ غالب" کس کی تصنیف ہے؟

(a) مرزا غالب (b) بہادر شاہ ظفر (c) الطاف حسین حالی (d) سرسید

200۔ نظم "حمد" میں حمد سرا ہے:

(a) محرم (b) نامحرم (c) فرماں بردار (d) نافرماں

201۔ حیات جاوید کے مصنف کا نام ہے:

(a) مولانا الطاف حسین حالی (b) علامہ اقبال (c) سرسید احمد خان (d) مولانا شبلی نعمانی

202۔ درج ذیل میں مترادف کی درست فہرست ہے:

(a) تاریکی، اندھیرا (b) آسان، سست (c) زاہد، راغب (d) مقدر، شہرت

203۔ مینڈک کی مؤنث ہے:

(a) مینڈی (b) مینڈکن (c) مینڈکیا (d) مینڈکی

204۔ بُلبُل کیسا پرندہ ہے؟

(a) پالتو (b) گھریلو (c) عاشق مزاج (d) روایتی

205۔ اغنیا کی واحد ہے:

(a) غانی (b) غنی (c) غنہ (d) غن

206۔ نواسا کی مؤنث ہے:

(a) نواسن (b) نواس (c) نواسی (d) نوسن

207۔ تیتر اللہ تعالیٰ کی نعمت کیا کہہ کر بیان کرتے ہیں؟

(a) اللہ اکبر (b) سبحان تیری قدرت (c) الحمدللہ (d) چُوں چُوں

208۔ ان الفاظ میں کون سا مذکر ہے؟

(a) بچھیا (b) گدھی (c) نندوئی (d) نواسی

209۔ سلیم ڈرتا ڈرتا کہاں گیا؟

(a) مدرسے (b) بازار (c) مسجد (d) اُوپر

210۔ میاں کتنے بجے دفتر جایا کرتے تھے؟

(a) صبح آٹھ بجے (b) شام آٹھ بجے (c) صبح دس بجے (d) صبح نو بجے

211۔ سُنت کی جمع ہے:

(a) ملل (b) سُنن (c) اُمم (d) سکن

212۔ خالی جگہ پر مناسب واحد لگتا ہے۔ رسول پاک ﷺ کے جانثار تھے۔

(a) صحابہ (b) صحابیات (c) صحابی (d) غوث

213۔ مندرجہ ذیل میں مترادف کی درست فہرست ہے:

(a) عاقل، رغبت (b) راحت، مسرت (c) مسرت، مدح (d) عروج، زوال

214۔ نندوئی کی مؤنث ہے:

(a) کمند (b) سمند (c) نند (d) اُمنگ

215۔ "سجدہ" کی جمع ہے:

(a) ساجد (b) سجود (c) سواجد (d) ساجدین

216۔ یہی میری حُرمت، یہی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے

(a) منزل (b) آبرو (c) آخرت (d) جنت

217۔ "شاعر" کی جمع ہے:

(a) شعیر (b) شعراء (c) شعران (d) اشعار

218۔ ایک گائے اور بکری یہ مشہور نظم کس شاعر کی ہے؟

(a) خواجہ میر درد (b) مرزا غالب (c) علامہ اقبال (d) ابراہیم ذوق

219۔ سبق شاعروں کے لطیفے کے مصنف ہیں:

(a) مولانا شبلی نعمانی (b) ڈپٹی نذیر احمد (c) منشی پریم چند (d) مولانا محمد حسین آزاد

220۔ اُردو کے پہلے ناول نگار ہیں:

(a) بہادر شاہ ظفر (b) ڈپٹی نذیر احمد (c) خواجہ میر درد (d) سید امتیاز علی

221۔ دقیقہ کی جمع ہے:

(a) دقائق (b) دقوق (c) ادقاں (d) دقیقا

222۔ تمام دیہاتیوں نے ماسٹر جی سے کون سے برخورداروں کی خیریت دریافت کی؟

(a) نومولود (b) نامولود (c) شیر خوار (d) تابع دار

223۔ دین دار کا متضاد ہے:

(a) بے دین (b) دین دار (c) کافر (d) مسلمان

224۔ کہیں بندوق چلے تو کوّے اسے کیا سمجھتے ہیں؟

(a) خوف (b) ڈر (c) ذاتی توہین (d) مذاق

225۔ عظیم کی جمع ہے:

(a) اعظم (b) عظمت (c) عظام (d) اعظموں

226۔ زوج کی جمع ہے:

(a) زوجہ (b) ازواج (c) زاواج (d) زُواج

227۔ مترادف کی درست فہرست کون سی ہے؟

(a) مسرت، انبساط (b) آسائش، ستائش (c) داستان، محبت (d) توکل، مدح

228۔ بہادر شاہ ظفر کس سے شاعری کی اصلاح لیتے تھے؟

(a) خواجہ حیدر علی آتش (b) مرزا غالب (c) امیر مینائی (d) نظیر اکبر آبادی

229۔ مرزا غالب نے پنشن کے اضافے کے لئے کس شہر کا سفر کیا؟

(a) حیدر آباد (b) آگرہ (c) کلکتہ (d) بنارس

230۔ مخمس ایسی نظم کو کہتے ہیں جس کے ہر بند کے مصرعے ہوں:

(a) تین (b) دو (c) چار (d) پانچ

231۔ شیخ جمن کے والد محترم شیخ جمعراتی کا پیشہ کیا تھا؟

(a) وکیل (b) اُستاد (c) کاشتکار (d) جج

232۔ سید امتیاز علی تاج نے 1932ء میں کون سا ڈرامہ لکھا؟

(a) آرام و سکون (b) پاکستان ہمارا ہے (c) انار کلی (d) چچا چھکن

233۔ کس کے گھوڑے کے پاؤں گھٹنوں تک زمین میں دھنس گئے؟

(a) یہودی (b) سراقہ بن جعشم (c) ہمہ تن چشم (d) ابن ہشام

234۔ "فریضہ" کی جمع ہے:

(a) فراعنہ (b) فرائض (c) افروز (d) فرامین

235۔ آخری عمر میں فالج کے عارضے میں مبتلا ہوئے؟

(a) نظیر اکبر آبادی (b) میر تقی میر (c) امیر مینائی (d) خواجہ حیدر علی آتش

236۔ طول کا متضاد ہے:

(a) عرض (b) طویل (c) عروج (d) مول

237۔ تنبولی کی مؤنث ہے:

(a) گوالن (b) فرنگن (c) حلوائن (d) تنبولن

238۔ درج ذیل میں مترادف کی فہرست ہے؟

(a) آرام، آثار (b) بھروسہ، اعتماد (c) اعتماد، رغبت (d) بھروسہ، دانا

239۔ فاتح خیبر کے لئے قتل گاہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تھا۔

(a) فرش خاکی (b) فرش راہ (c) فرش دل (d) فرش گل

240۔ مصرعہ مکمل کیجئے۔ بُلبُل کو باغباں سے نہ صیاد سے۔۔۔۔۔۔۔۔

(a) واسطہ (b) رنج (c) ملال (d) گلہ

241۔ درج ذیل میں مترادف کی درست فہرست ہے:

(a) فراخ، دانا (b) مسرت، قصہ (c) عسرت، غربت (d) مدح، آرام

242۔ ہستی اپنی۔۔۔۔۔۔۔۔ کی سی ہے

(a) حباب (b) کباب (c) شراب (d) خراب

243۔ اکابر کی واحد ہے:

(a) اکبروں (b) اکبری (c) اکابرین (d) اکبر

244۔ مہتر کی مؤنث ہے:

(a) مہترائن (b) مہترانی (c) مہتری (d) مہتیرن

245۔ صالح کی جمع ہے:

(a) صلحا (b) صالحہ (c) صالحات (d) صلل

246۔ اکثریت کا متضاد ہے:

(a) کثرت (b) ملکیت (c) اقلیت (d) قلیل

247۔ کسی چیز کو کسی خاص وصف کی وجہ سے کسی دوسری چیز کی مانند قرار دینا کہلاتا ہے:

(a) ردیف (b) مطلع (c) تشبیہ (d) استعارہ

248۔ مندرجہ ذیل میں درست مترادف کی فہرست ہے:

(a) تاریکی، توکل (b) عزت، آبرو (c) کشادہ، صاف (d) خوشی، آرام

249۔ بُلبُل کی قسمت میں کیا لکھا تھا؟

(a) آزادی (b) قید (c) اُجڑنا (d) پکڑا جانا

250۔ "سسر" کی مؤنث ہے:

(a) ساس (b) ساسی (c) سسن (d) ساسن

251۔ "مشرب" کی جمع ہے:

(a) مشربوں (b) مشروب (c) مشروبات (d) مشارب

252۔ خالی جگہ میں مناسب واحد لگائیں۔ منجھلا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میرا اہم جماعت ہے۔

(a) لڑکے (b) لڑکوں (c) لڑکیوں (d) لڑکا

253۔ علامہ اقبال نے شجر سے کیا مراد لیا ہے؟

(a) درخت (b) شاخ (c) ملتِ اسلامیہ (d) ملتِ اسلامیہ کا فرد

254۔ دیے گئے الفاظ میں سے کون سا لفظ مذکر ہے؟

(a) مرہم (b) دوا (c) ترازو (d) پتنگ

255۔ دیے گئے الفاظ میں سے کون سا واحد ہے؟

(a) ابدان (b) اذہان (c) ارکان (d) برہان

256۔ اختر کی آنکھیں شب بیداری کی وجہ سے تھیں:

(a) زرد (b) سُرخ (c) سیاہ (d) نیم باز

257۔ چوزے کی یخنی ہے:

(a) مقوی (b) نرم غذا (c) ٹھوس غذا (d) مائع غذا

258۔ ابواب کا واحد ہے:

(a) اباب (b) ابوب (c) باب (d) بواب

259۔ سزا کا متضاد کیا ہے؟

(a) عذاب (b) مار (c) پٹائی (d) جزا

260۔ اختر کے نزدیک نیازی کا قاتل کون تھا؟

(a) رؤف (b) تجمل (c) بابا (d) مہمان

261۔ سبق "آرام و سکون" میں میاں کیا کھانا چاہتا ہے؟

(a) یخنی (b) ساگودانہ (c) جُوس (d) کچھ بھی نہیں

262۔ نظم "پیوستہ رہ شجر سے اُمیدِ بہار رکھ" میں رابطہ رکھنے کے لئے کہا گیا ہے:

(a) قوم کے ساتھ (b) ملک کے ساتھ (c) ملت کے ساتھ (d) بہار کے ساتھ

263۔ زبردست کا متضاد ہے:

(a) زبردست (b) کمزور (c) ضعیف (d) طاقتور

264۔ بندہ کی مؤنث ہے:

(a) بیوی (b) عورت (c) بندی (d) کنیز

265۔ مرزا غالب کی نیت کسی طرح سیر نہ ہوتی تھی:

(a) سیبوں سے (b) انگوروں سے (c) آموں سے (d) اناروں سے

266۔ ترکش سے فال کے تیر کس نے نکالے کہ حملہ کرنا چاہیے یا نہیں؟

(a) ابولہب (b) ابوجہل (c) سراقہ بن جعشم (d) عامر بن فہیرہ

267۔ سبق "ہجرتِ نبوی ﷺ" مصنف کی کس اہم تصنیف سے ماخوذ ہے؟

(a) الفاروق (b) المامون (c) سیرۃ النعمان (d) سیرۃ النبی ﷺ

268۔ حضرت محمد ﷺ نے کس سے فرمایا "گھبراؤ نہیں اللہ ہمارے ساتھ ہے۔"؟

(a) حضرت علی رضی اللہ عنہ (b) حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ

(c) حضرت عمر رضی اللہ عنہ (d) حضرت عثمان رضی اللہ عنہ

269۔ کس کا رنگِ بیان سب سے جُدا ہے؟

(a) امیر مینائی کا (b) میر دردؔ کا (c) غالبؔ کا (d) حالیؔ کا

270۔ "خدائے سخن" کس شاعر کو کہا گیا ہے؟

(a) میر دردؔ (b) مرزا غالبؔ (c) میر تقی میرؔ (d) بہادر شاہ ظفرؔ

271۔ "عنادل" کا واحد ہے:

(a) دشمن (b) عندلیب (c) عندلاب (d) عنالد

272۔ "ماموں" کی مؤنث ہے:

(a) ممانی (b) خالہ (c) پھوپھی (d) چچی

273۔ "مدح" کا مترادف ہے:

(a) مداح (b) ستائش (c) کشائش (d) آسائش

274۔ "مرزا غالب کے عادات وخصائل" کے مصنف ہیں:

(a) مولانا الطاف حسین حالیؔ (b) مولانا محمد حسین آزاد

(c) سر سیّد احمد خان (d) میرزا ادیب

275۔ مرزا کی طبیعت میں بدرجہ غایت تھا:

(a) جودوسخا (b) اخلاص (c) مروّت اور لحاظ (d) صبر

276۔ مرزا غالبؔ کو کس نے حیوان ظریف کہا؟

(a) مولانا الطاف حسین حالیؔ نے (b) مولانا شبلی نعمانی نے

(c) سر سیّد احمد خان نے (d) قائد اعظم نے

277۔ مرزا غالب کے مزاج کی خاص خوبی کیا تھی؟

(a) نفاست (b) نزاکت (c) ظرافت (d) عجلت

278۔ اللہ کا گدا مگن رہتا ہے:

(a) سکون میں (b) سیر میں (c) کملی میں (d) دُنیا میں

279۔ "نور" کی جمع ہے:

(a) انور (b) انوار (c) منور (d) نورات

280۔ "نند" کا مذکر ہے:

(a) نانا (b) نائی (c) نائن (d) نندوئی

281۔ اُٹھنے، بیٹھنے، چلنے، پھرنے میں سُستی کرنا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔

(a) نیند (b) کاہلی (c) بے کاری (d) بے عملی

282۔ کسی شخص کے دِل کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پڑا رہنا نہ چاہیے۔

(a) مصروف (b) فکر مند (c) بے کار (d) غم زدہ

283۔ انسانی صفت کو کھو کر انسان بن جاتا ہے پُورا:

(a) شیطان (b) انسان (c) حیوان (d) جانور

284۔ رسالہ "اسباب بغاوتِ ہند" کس کی تصنیف ہے؟

(a) علامہ اقبال (b) مرزا غالب (c) میر درد (d) سر سید احمد خان

285۔ سب سے بڑی کاہلی ہے:

(a) محنت نہ کرنا (b) سُستی کرنا

(c) چُستی نہ کرنا (d) دلی قویٰ بے کار چھوڑنا

286۔ لوگ بہت کم کاہل ہوتے ہیں:

(a) بے فکر رہنے والے (b) خوش گپیاں کرنے والے

(c) روزانہ محنت کرنے والے (d) خود میں مگن رہنے والے

287۔ بے کار اور کاہل لوگ ہو جاتے ہیں:

(a) نیک صفت (b) درندہ صفت (c) شیطان صفت (d) حیوان صفت

288۔ خواجہ حیدر علی آتش شاعر تھے:

(a) نظم گو (b) قصیدہ گو (c) مرثیہ گو (d) غزل گو

289۔ "خورد" کا متضاد ہے:

(a) خارجہ (b) خادم (c) کلاں (d) متحرک

290۔ "ملک" کی جمع ہے:

(a) املاک (b) ممالک (c) ملوک (d) ملائک

291۔ محمد حسین آزاد پیدا ہوئے:

(a) دِلّی میں (b) لکھنؤ میں (c) بنارس میں (d) آگرہ میں

292۔ شریف زادے کی گرمی کلام پر چونک پڑے:

(a) میر تقی میر (b) مرزا سودا (c) مرزا غالب (d) میر درد

293۔ مرزا سودا کا کلام ہے:

(a) آہ (b) واہ (c) مشکل (d) سہل

294۔ نظم "برسات کی بہاریں" کے مطابق جنگلوں میں پیدا ہو رہے ہیں:

(a) جانور (b) پرندے (c) درندے (d) ہرے بچھونے

295۔ برہمن کو کس بات کی حسرت رہی؟

(a) کنویں میں ڈوبنے کی (b) غم کھانے کی

(c) بتوں سے باتوں کی (d) رونے کی

296۔ "موافق" کا متضاد ہے:

(a) فاسق (b) اخلاق (c) مخالف (d) سخاوت

297۔ "سہل" کا مترادف ہے:

(a) مشکل (b) خوشحال (c) آسان (d) آرام دہ

298۔ "الم" کی جمع ہے:

(a) الوم (b) المات (c) الیم (d) آلام

299۔ "اخلاق" کا واحد ہے:

(a) خلقت (b) خلوت (c) خلق (d) خسر

300۔ اس محلے میں رہتے ہیں مگر کانوں کان خبر نہیں:

(a) دو سال سے (b) تین سال سے (c) کئی برس سے (d) نو سال سے

301۔ نصوح نے اپنے بیٹے سلیم کو بالا خانے پر بیدارا کے ذریعے بلا بھیجا:

(a) صبح کے وقت (b) دوپہر کے وقت (c) شام کے وقت (d) رات کے وقت

302۔ "آموختہ" سے مراد ہے:

(a) سبق (b) تختی (c) کاپی (d) کاغذ

303۔ حضرت بی لڑکوں کی تھیں:

(a) ماں (b) دادی (c) خالہ (d) نانی

304۔ گلزار بھیگتے ہیں سبزے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

(a) گا رہے ہیں (b) ناچ رہے ہیں (c) نہا رہے ہیں (d) سو رہے ہیں

305۔ "باطن" کا متضاد ہے:

(a) غائب (b) ظاہر (c) خلوت (d) حاضر

306۔ "چودھری" کی مؤنث ہے:

(a) بیوی (b) ممانی (c) ملکہ (d) چودھرائن

307۔ جمن جب حج کرنے گئے تھے تو الگو کو سونپ گئے تھے:

(a) اپنا کاروبار (b) اپنا باغ (c) اپنا گھر (d) اپنا کھیت

308۔ الگو آدمی تھا:

(a) سیاسی (b) سماجی (c) قانونی (d) پنچایتی

309۔ جمن کی بیوی کا نام تھا:

(a) سیٹھانی (b) رشیدہ (c) فہمیدہ (d) فہمین

310۔ شیخ جمراتی زیادہ قائل تھے:

(a) دعا کے (b) فیض کے (c) محبتوں کے (d) تازیانے کے

311۔ منشی پریم چند کا اصل نام ہے:

(a) رام دھن (b) دھنپت رائے (c) شیخ جمراتی (d) شیخ جمن

312۔ بادل جھڑیوں کی مستیوں سے کیا مچا رہے تھے؟

(a) دھوئیں (b) جل تھل (c) شور (d) اُودھم

313۔ مرزا غالب نے کسے نادان کہا ہے؟

(a) محبوب (b) عقل (c) دشمن (d) دِل

314۔ "عروج" کا متضاد ہے:

(a) مخالف (b) زوال (c) نفاق (d) اقلیت

315۔ "غربت" کا مترادف ہے:

(a) ظلمت (b) عسرت (c) اُلفت (d) رغبت

316۔ "میاں" کی مؤنث ہے:

(a) ممانی (b) بیوی (c) عورت (d) مامی

317۔ "سلطان" کی جمع ہے:

(a) سلطانوں (b) سلطاناں (c) سلاطین (d) سلاطینان

318۔ "مدات" کا واحد ہے:

(a) مد (b) مدا (c) مدد (d) مدن

319۔ سید امتیاز علی تاج کہاں پیدا ہوئے؟

(a) لاہور میں (b) ملتان میں (c) پشاور میں (d) کوئٹہ میں

320۔ میاں کتنے بجے دفتر جایا کرتے تھے؟

(a) صبح آٹھ بجے (b) شام سات بجے (c) صبح دس بجے (d) صبح نو بجے

321۔ سبق "آرام و سکون" میں گھریلو ملازم کا نام کیا تھا؟

(a) کلّو (b) للّو (c) بلّو (d) ٹلّو

322۔ ملازم کیا چیز کوٹ رہا تھا؟

(a) نمک (b) مرچیں (c) ریٹھے (d) گرم مصالحہ

323۔ للّو ریٹھے ڈھونڈ رہا تھا:

(a) حمام سے (b) گودام سے (c) دکان سے (d) کچن سے

324۔ سبق "آرام و سکون" میں میاں کیا کھانا چاہتا ہے؟

(a) یخنی (b) ساگودانہ (c) جوس (d) کچھ بھی نہیں

325۔ خلوتِ اوراق میں نغمہ زن تھے:

(a) طوطے (b) چڑیاں (c) کبوتر (d) طیور

326۔ درویش کی صدا کیا ہے؟

(a) اللہ کے نام پر دو بابا (b) بھلا کر تر ا بھلا ہو گا

(c) کر بھلا ہو بھلا، اَنت بھلے کا بھلا (d) جو دے اُس کا بھی بھلا، جو نہ دے اُس کا بھی بھلا

327۔ "شک" کا متضاد ہے:

(a) اعتماد (b) یقین (c) گمان (d) خیال

328۔ "بھید" کا مترادف ہے:

(a) فکر (b) عقل (c) راز (d) سوچ

329۔ "اُمّت" کی جمع ہے:

(a) امم (b) امامت (c) اُمتیں (d) اُم

330۔ "ثوابت" کا واحد ہے:

(a) ثبوت (b) ثابت (c) ثواب (d) ثبت

331۔ کون دائیں ہاتھ کی انگلیوں سے پیشانی کا پسینا پونچھتا ہے؟ / اختر کے نزدیک نیازی کا قاتل کون تھا؟

(a) تجمل (b) اختر (c) رؤف (d) بابا

332۔ اختر کو دھکے دے کر باہر نکالنے لگتا ہے:

(a) بابا (b) تجمل (c) رؤف (d) نیازی

333۔ سبق "لہو اور قالین" میں تجمل۔۔۔۔۔۔ کو خطرناک پاگل کہتا ہے۔

(a) رؤف (b) نیازی (c) اختر (d) ہمسائے

334۔ لہو اور قالین کی صنف کیا ہے؟

(a) افسانہ (b) ڈرامہ (c) ناول (d) داستان

335۔ بہادر شاہ ظفر نے موسم۔۔۔۔۔۔۔ میں اپنی قید کا ذکر کیا ہے۔

(a) برسات (b) خزاں (c) گرمی (d) بہار

336۔ "معادن" کا واحد ہے:

(a) معدن (b) میدان (c) مد (d) مدد

337۔ طالب علم کتنی دیر میں کمرے سے باہر نکل آتا؟

(a) ایک گھنٹے بعد (b) آدھا گھنٹا بعد (c) دو گھنٹے بعد (d) تین گھنٹے بعد

338۔ مرزا فرحت اللہ بیگ ابتداء میں قلمی نام سے لکھتے رہے:

(a) کولمبس (b) مرزا الم نشرح (c) ابن انشا (d) سند باد حجازی

339۔ مضمون نگار نے امتحان دیا تو کتنے مضامین میں فیل ہو گئے؟

(a) ایک مضمون (b) دو مضامین (c) تین مضامین (d) جملہ مضامین

340۔ دو سال ایسے گزر گئے جیسے:

(a) پانی (b) ہوا (c) موسم (d) بارش

341۔ ہمیں کس چیز سے سبق اندوز ہونا چاہیے؟

(a) اپنے استاد سے (b) اُمیدِ بہار سے (c) قاعدہ روزگار سے (d) شاخ بریدہ سے

342۔ اقبال نے اپنی شاعری کا آغاز کیا:

(a) نظم نگاری سے (b) غزل گوئی سے (c) مرثیہ گوئی سے (d) قصیدہ گوئی سے

343۔ بہادر شاہ ظفر کے کلیات میں اندازاً شعر ہیں:

(a) انیس ہزار (b) بیس ہزار (c) پچیس ہزار (d) تیس ہزار

344۔ "حکایت" کا مترادف ہے:

(a) غزل (b) افسانہ (c) مرثیہ (d) داستان

345۔ "پارسی" کی مؤنث ہے:

(a) پارسائی (b) پارسن (c) پارسہ (d) پرسن

346۔ "ہدایت" کی جمع ہے:

(a) ہدایات (b) ہدیہ (c) ہدایا (d) ہادی

347۔ "اقطاب" کا واحد ہے:

(a) قطب (b) کتاب (c) قطبا (d) قطبہ

348۔ عام طور پر بُلبُل کو دعوت دی جاتی ہے:

(a) گانے کی (b) شور مچانے کی (c) اُڑنے کی (d) آہ وزاری کی

349۔ ہم ہر خوش گلو پرندے کو سمجھتے ہیں:

(a) کوّا (b) بُلبُل (c) اُلو (d) بوم

350۔ اُلو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔میں رہتا ہے۔

(a) شہروں (b) بستیوں (c) کھنڈروں (d) محلوں

351۔ سبق "ملکی پرندے اور دوسرے جانور" میں کس جانور کا ذکر نہ ہے؟

(a) کوّا (b) بلّی (c) بھینس (d) ہاتھی

352۔ اُلّو وظیفہ پڑھتا ہے:

(a) ہو ہو کا (b) میں ہی میں کا (c) تو ہی تو کا (d) اللہ ہو کا

353۔ "انتخابِ یادگار" شاعروں کا ایک تذکرہ ہے۔ یہ کس نے مرتب کیا؟

(a) امیر مینائی (b) الطاف حسین حالی (c) مرزا غالب (d) سر سید احمد خان

354۔ "رذیل" کا متضاد ہے:

(a) غریب (b) شریف (c) بخیل (d) وکیل

355۔ "سنار" کی مؤنث ہے:

(a) سنارن (b) سنارتی (c) سنیارنی (d) سناری

356۔ "شعر" کی جمع ہے:

(a) اشعار (b) شعور (c) شعار (d) شعائر

357۔ "ابواب" کا واحد ہے:
(a) اباب (b) ابوب (c) باب (d) بواب

358۔ الغرض ہمارے بنگلے کا مزاج ہر زاویے سے تھا:
(a) مدبرانہ (b) امیرانہ (c) خاکسارانہ (d) عاجزانہ

359۔ ماسٹر جی نے کس چیز کی فرمائش کی؟
(a) کارن فلیک کی (b) لسّی کی (c) چائے کی (d) کافی کی

360۔ سلیم میاں کا مشغلہ کیا تھا؟
(a) کشتی کھیلنا (b) پیراکی
(c) بیڈ منٹن کھیلنا اور ٹی وی دیکھنا (d) گلی ڈنڈا کھیلنا

361۔ کرنل محمد خان کے طرزِ تحریر کا اصل حسن ہے:
(a) سادگی و خلوص (b) مشکل پسندی (c) سادگی و مزاح (d) دیہاتی زندگی

362۔ نظم "پیوستہ رہ شجر سے اُمیدِ بہار رکھ" میں پیغام ہے:
(a) شجرکاری کا (b) اتحاد و قومی یکجہتی کا (c) باغ و بہار کا (d) مردِ مومن بننے کا

363۔ "شاخِ بریدہ" سے کیا مراد ہے؟
(a) ٹیڑھی شاخ (b) اُلٹی شاخ (c) لٹکی شاخ (d) کٹی شاخ

364۔ "قرب" کا متضاد ہے:
(a) اکثریت (b) عزیمت (c) بُعد (d) جمہوریت

365۔ "حسرت" کا مترادف ہے:
(a) نااُمیدی (b) آرزو (c) بددلی (d) انکار

366۔ "تنبولی" کی مؤنث ہے:
(a) گوالن (b) فرنگن (c) حلوائن (d) تنبولن

367۔ "اقلیم" کی جمع ہے:
(a) اقالیموں (b) اقلیمان (c) اقالیم (d) اکالیم

368۔ "مثل" کا واحد ہے:
(a) مثالیں (b) امثال (c) مثالہ (d) امثلہ

369۔ جمن شیخ اور الگو چودھری میں بڑا تھا:
(a) تعلق (b) کاروباری لین دین (c) دشمنی کا پہلو (d) یارانہ

370۔ "آغاز" کا متضاد ہے:
(a) انجام (b) شروع (c) خاص (d) ہموار

371۔ "حکم" کی جمع ہے:
(a) احکم (b) حکماء (c) احکام (d) حاکم

372۔ "کنواری" کا مذکر ہے:
(a) کنوارے (b) کنوارن (c) کنوارا (d) کنوارین

373۔ "داماد" کی مؤنث ہے:
(a) بیٹی (b) دامادی (c) بیوی (d) بہو

374۔ "اعمال" کی واحد ہے:
(a) عمل (b) اعلم (c) علم (d) عامل

375۔ اس وقت بھی آپ ﷺ کے پاس بہت سی جمع تھیں:
(a) تلواریں (b) امانتیں (c) کھجوریں (d) نعمتیں

376۔ نظیر اکبر آبادی کا اصل نام ہے:
(a) احمد دین (b) ولی محمد (c) محمد اکبر (d) علی اکبر

377۔ لفظ "سلطان" کی مؤنث ہے:
(a) سلطانی (b) سلطنت (c) سلطانہ (d) سلطانے

378۔ امیر مینائی پیدا ہوئے:
(a) دہلی میں (b) لکھنؤ میں (c) آگرہ میں (d) سری نگر میں

379۔ لفظ "خدام" کا واحد ہے:
(a) خادم (b) مخدوم (c) مخدومہ (d) خدامہ

380۔ خواجہ حیدر علی آتش شاعر تھے:
(a) نظم کے (b) غزل کے (c) مرثیہ کے (d) قصیدہ کے

381۔ "عروج" کا متضاد ہے:
(a) جمال (b) کمال (c) جلال (d) زوال

382۔ "حدیث" کی جمع ہے:
(a) حوادث (b) احادیث (c) حادثہ (d) حادثات

383۔ ---------- سبحان تیری قدرت پکارتے / پکارتی ہیں۔

(a) مرغ (b) بلبل (c) تیتر (d) چڑیاں

384۔ "مسلم" کی جمع ہے:

(a) مسلمات (b) مسائل (c) مسالم (d) مناظر

385۔ "ملک" کی مؤنث ہے:

(a) ملکہ (b) ماکا (c) ملکی (d) ماکی

386۔ سبق پنچایت کے مصنف ہیں:

(a) منشی پریم چند (b) سر سیّد احمد خان (c) مرزا ادیب (d) ڈپٹی نذیر احمد

387۔ ہم ہیں مشتاق اور وہ:

(a) ظالم (b) سنگدل (c) بیزار (d) بے وفا

388۔ الطاف حسین حالؔی کے والد کا نام تھا:

(a) یزدجرد (b) محمد بخش (c) ایزد بخش (d) نور محمد

389۔ سبق "امتحان" کے لکھاری کا نام ہے:

(a) ڈپٹی نذیر احمد (b) مرزا فرحت اللہ بیگ

(c) مرزا ادیب (d) نسیم حجازی

390۔ دہشت گردی کے خاتمے میں اہم کردار ہے:

(a) الیکٹرانک میڈیا کا (b) مسجد کا (c) مدرسے کا (d) تمام کا

391۔ آنحضرت ﷺ نے مدینے سفر کا عزم فرمایا اپنی نبوت کے:

(a) تیرھویں سال (b) چودھویں سال (c) پندرھویں سال (d) سولھویں سال

392۔ کہانی "امتحان" کے مطابق امتحان کی صورتیں ہوتی ہیں:

(a) دو (b) تین (c) چار (d) پانچ

393۔ علامہ محمد اقبال کی تصنیف "اسرارِ خودی" مجموعہ ہے:

(a) عربی زبان کا (b) اُردو زبان کا (c) انگریزی زبان کا (d) فارسی زبان کا

394۔ سوانح "مولانا روم" کس مصنف کی تحریر ہے؟

(a) علامہ اقبال (b) مولانا محمد حسین آزاد

(c) سید امتیاز علی تاج (d) مولانا شبلی نعمانی

395۔ ایسا کلام جس میں نبی پاک ﷺ کی تعریف ہو کہلاتا ہے:

(a) حمد (b) نعت (c) مرثیہ (d) غزل

396۔ مُدرس کی جمع ہے:
(a) مدرسے (b) مدارس (c) مدرسین (d) مدرسات

397۔ "لمحات" کا واحد ہے:
(a) لمحے (b) لمحوں (c) لمحائے (d) لمحہ

398۔ "قوت" کا متضاد ہے:
(a) طاقت (b) زور (c) ضعف (d) دلیری

399۔ شہدائے پشاور کے لیے ایک نظم کے شاعر کا نام ہے:
(a) سرسیّد احمد خان (b) ڈپٹی نذیر احمد (c) امجد اسلام امجد (d) غالب

400۔ ڈاکٹر نے میاں کو کس بات کی تاکید کی؟
(a) وقت پر دوا کھانے کی (b) انجکشن لگوانے کی
(c) خاموش لیٹے رہنے کی (d) سیر کرنے کی

401۔ میاں اکیلے بیٹھے کیا کر رہے تھے؟
(a) شطرنج کھیل رہے تھے (b) کھانا کھا رہے تھے
(c) کتاب پڑھ رہے تھے (d) کچھ لکھ رہے تھے

402۔ امیر مینائی کے والد کا نام تھا:
(a) مولوی اکرم دین (b) اکرام الدین (c) کریم محمد (d) مولوی کرم محمد

403۔ "روضہ" کی جمع لکھیے:
(a) روضات (b) روضا (c) روضے (d) ریاض

404۔ "عوام" کا واحد لکھیے:
(a) عام (b) آم (c) اعلام (d) عالم

405۔ افسانہ "زادِ راہ" کس کی تصنیف ہے؟
(a) منشی پریم چند (b) سید امتیاز علی تاج (c) کرنل محمد خان (d) میرزا ادیب

406۔ اہل عرب۔۔۔۔۔۔۔۔ مکان میں گھسنا معیوب سمجھتے تھے۔
(a) زنانہ (b) مردانہ (c) کافرانہ (d) خالی

407۔ "گوالن" کا مذکر ہے:
(a) گوالا (b) گوالے (c) گوائن (d) گلانی

408۔ "جذبہ" کی جمع ہے:

(a) جذبوں (b) جذبات (c) جاذب (d) اجزاب

409۔ "علوم" کا واحد ہے:

(a) عالم (b) علومات (c) علم (d) عالمان

410۔ فواکہ میں غالب کو مرغوب تھے:

(a) خربوزے (b) تربوز (c) آم (d) آڑو

411۔ ڈاکٹر کے مطابق میاں کو بیماری تھی۔

(a) شوگر کی (b) دِل کی

(c) تکان اور حرارت کی (d) سردرد کی

412۔ مشہور زمانہ ڈرامہ "انار کلی" تحریر ہے:

(a) میرزا ادیب کی (b) سید امتیاز علی تاج کی

(c) مرزا غالب کی (d) منشی پریم چند کی

413۔ مقطع کا لغوی معنی ہے:

(a) شروع کرنا (b) ختم کرنا یا کاٹنا (c) رُکنا (d) چلنا

414۔ ذہن کی جمع ہے:

(a) ذہین (b) اذہان (c) ذہنوں (d) اذاہین

415۔ فتوح کا واحد ہے:

(a) فاتح (b) فتح (c) فاتحین (d) مفتوح

416۔ "آبِ حیات" اور "نیرنگِ خیال" تصانیف ہیں:

(a) مولانا محمد حسین آزاد (b) سرسید احمد خان (c) شبلی نعمانی (d) ڈپٹی نذیر احمد

☆☆☆☆☆

مختصر جوابی سوالات

سوال1: **ہجرت نبوی ﷺ سے کیا مراد ہے؟**

جواب: نبی اکرم ﷺ کا کفار کے ظلم و ستم سے تنگ آکر اللہ تعالیٰ کے حکم سے تبلیغ دین کی خاطر مکہ چھوڑ کر مدینہ جانا، ہجرت نبوی ﷺ کہلاتا ہے۔

سوال2: **رسول اللہ ﷺ نے نبوت کے کون سے سال ہجرت فرمائی؟**

جواب: حضور ﷺ نے نبوت کے تیرھویں سال اللہ تعالیٰ کے حکم سے ہجرت فرمائی۔

سوال3: **حضرت امیر رضی اللہ عنہ سے کون سی شخصیت مراد ہے؟**

جواب: حضرت امیر رضی اللہ عنہ سے مراد حضرت علی رضی اللہ عنہ کی شخصیت ہے۔

سوال4: **رسول پاک ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کیا ارشاد فرمایا؟**

جواب: رسول پاک ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: "مجھے ہجرت کا حکم ہو چکا ہے، میں آج مدینہ روانہ ہو جاؤں گا، تم میرے پلنگ پر میری چادر اوڑھ کر سو رہو، صبح کو سب کی امانتیں واپس دے آنا۔"

سوال5: **حضرت اسماء رضی اللہ عنہا کون تھیں؟**

جواب: حضرت اسماء رضی اللہ عنہا حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی بیٹی تھیں۔

سوال6: **قریش نے رسول پاک ﷺ اور حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کو گرفتار کرنے کا کیا انعام مقرر کیا؟**

جواب: قریش نے یہ اعلان کیا کہ جو شخص حضرت محمد ﷺ یا حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کو گرفتار کر کے لائے گا، اس کو ایک خون بہا کے برابر یعنی سو اونٹ انعام دیا جائے گا۔

سوال7: **سراقہ بن جعشم کیسے تائب ہوا؟**

جواب: سراقہ بن جعشم نے جب آپ ﷺ پر حملہ کرنے کی نیت سے گھوڑا آگے بڑھایا تو وہ ٹھوکر کھا کر گر گیا۔ دوسری دفعہ ایسا کرنے کی پاداش میں زمین میں دھنس گیا۔ جس کے باعث اس کی ہمت ٹوٹ گئی اور وہ تائب ہو گیا۔

سوال8: **سراقہ بن جعشم کو کس نے امن کی تحریر لکھ کر دی؟**

جواب: حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے غلام عامر بن فہیرہ نے چمڑے کے ایک ٹکڑے پر سراقہ بن جعشم کو فرمانِ امن (امن کی تحریر) لکھ کر دیا۔

سوال9: **مرزا غالب کیسے اخلاق کے مالک تھے؟**

جواب: مرزا غالب بہت بلند اخلاق کے مالک تھے۔ وہ ہر شخص سے کشادہ پیشانی سے ملتے تھے۔

سوال10: **دوستوں کو دیکھ کر غالب کی حالت کیا ہوتی تھی؟**

جواب: دوستوں کو دیکھ کر غالؔب باغ باغ ہو جاتے تھے۔ جب دوستوں سے ملتے تو ان کی خوشی سے خوش اور غم سے غمگین ہو جاتے تھے۔ اس لیے ان کے ہر مذہب اور ہر قوم کے دوست تھے۔

سوال11: **مرزا غالؔب کو کہاں کہاں سے خط آتے تھے؟**

جواب: مرزا غالؔب کے دوست پورے ہندوستان میں تھے اور ہندوستان کے ہر علاقے سے دوست آپ کو خطوط لکھتے تھے۔

سوال12: **اکثر لوگ غالؔب کو کس طرح کے خط بھیجتے تھے؟**

جواب: اکثر لوگ غالؔب کو بیرنگ خط بھیجتے تھے۔ مگر وہ اس بات کا بُرا نہیں مناتے تھے۔

سوال13: **سائلوں کے ساتھ مرزا غالؔب کا سلوک کیسا تھا؟**

جواب: مرزا غالب سائلوں کی مدد اپنی بساط سے زیادہ کرتے تھے۔ سائل ان کے دروازے سے خالی ہاتھ بہت کم جاتے تھے۔

سوال14: **مرزا غالب کے مزاج کی خاص خوبی کیا تھی؟**

جواب: مرزا غالب کے مزاج کی خاص خوبی "ظرافت" تھی۔

سوال15: **مرزا غالؔب کو کون سا پھل پسند تھا؟**

جواب: مرزا غالؔب کو آم بہت پسند تھا۔

سوال16: **سبق "مرزا غالب کے عادات و خصائل" کس کتاب سے لیا گیا ہے؟**

جواب: سبق "مرزا غالب کے عادات و خصائل" مولانا الطاف حسین حالؔی کی کتاب "یادگارِ غالب" سے لیا گیا ہے؟

سوال17: **خواجہ الطاف حسین حالؔی کا تعلق کس معزز خاندان سے تھا؟**

جواب: مولانا الطاف حسین حالؔی کا تعلق انصاریوں کے معزز خاندان سے تھا۔

سوال18: **دلی قویٰ کو بے کار چھوڑ دینے کا کیا مطلب ہے؟**

جواب: دلی قویٰ کو بے کار چھوڑ دینے کا مطلب دماغی صلاحیتوں سے کام نہ لینا اور کسی بات کی فکر اور کوشش نہ کرنا ہے۔ اپنی ذہانت کو استعمال نہ کرنا سب سے بڑی کاہلی ہے۔

سوال19: **انسان کب سخت کاہل اور وحشی ہو جاتا ہے؟**

جواب: انسان جب اپنے دلی قویٰ کو بے کار چھوڑ دیتا ہے تو وہ سخت کاہل اور وحشی ہو جاتا ہے۔

سوال20: **کسی نہ کسی بات کی فکر و کوشش میں مصرف رہنا کیوں لازم ہے؟**

جواب: کسی نہ کسی بات کی فکر و کوشش میں مصروف رہنا اس لئے لازم ہے تاکہ ہمیں اپنی ضروریات کے انجام دینے کی فکر رہے اور ہم اس کام کے لیے تیار رہیں۔

سوال21: **قوم کی بہتری کیسے ممکن ہے؟**

جواب: قوم کی بہتری اسی وقت ممکن ہے جب ہم دلی قویٰ کو بے کار نہ رکھیں اور فکر و کوشش میں مصروف رہیں۔ کاہلی کو چھوڑنے سے ہی قوم بہتری کی طرف سفر کر سکتی ہے۔

سوال22: خواجہ باسط نے میؔر اور مرزا کے کلام کے بارے میں کیا فرمایا؟

جواب: خواجہ باسط نے فرمایا کہ میؔر کا کلام "آہ" ہے اور مرزا کا کلام "واہ" ہے۔

سوال23: شریف زادے کی غزل سن کر سوؔدا نے کیا کہا؟

جواب: شریف زادے کی غزل سن کر سوؔدا نے کہا: میاں لڑکے! جوان ہوتے نظر نہیں آتے۔

سوال24: سید انشؔا کے اصرار پر جرأت نے کون سا مصرع پڑھا؟

جواب: سید انشؔا کے اصرار پر جرأت نے یہ مصرع پڑھا:

"اُس زلف پہ پھبتی شب دلجور کی سوجھی"

سوال25: خواجہ صاحب اپنے اُس شاگرد سے کیا کہا کرتے تھے، جو اکثر بے روزگاری کی شکایت سے سفر کا ارادہ کیا کرتے تھے؟

جواب: خواجہ صاحب کے ایک شاگرد بے روزگاری سے تنگ آکر کسی دوسرے شہر جانا چاہتے تھے، حیدر علی آتش اسے کہتے تھے کہ کہاں جاؤ گے؟ دو گھڑی مل کے بیٹھنے کو غنیمت سمجھو اور خدا جو دیتا ہے اس پر صبر کرو۔

سوال26: صاحب عالم کی زبان سے اُس وقت کیا نکلا جب حکیم احسن اللہ خاں نے جلدی سے اُن کے آنے اور جانے پر اظہارِ تعجب کیا؟

جواب: جب حکیم احسن اللہ خان نے جلدی سے صاحبِ عالم کے آنے اور جانے پر تعجب کا اظہار کیا تو صاحبِ عالم کی زبان سے اس وقت یہ نکلا کہ:

"اپنی خوشی سے آئے نہ اپنی خوشی سے چلے"

سوال27: بیدارا نے سلیم کو جگا کر کیا پیغام دیا؟

جواب: بیدارا نے سلیم کو جگا کر کہا "صاحب زادے! اُٹھیے، بالا خانے پر میاں صاحب آپ کو بُلا رہے ہیں۔"

سوال28: سلیم کی ماں نے سلیم کے ساتھ نصوح کے پاس جانے سے کیوں انکار کیا؟

جواب: سلیم کی ماں نے سلیم کے ساتھ نصوح کے پاس جانے کے لیے اس وجہ سے انکار کر دیا کیونکہ اس وقت اس کی گود میں لڑکی سو رہی تھی۔ وہ اس کی نیند خراب نہیں کرنا چاہتی تھی۔

سوال29: سلیم اپنے بھائی کے ساتھ مدرسے کیوں نہیں جاتا تھا؟

جواب: سلیم اپنے بھائی کے ساتھ اس لیے مدرسے نہیں جاتا تھا کیونکہ اس کا بھائی امتحان کی تیاری کے لیے صبح سویرے اٹھ کر اپنے کسی دوست کے ہاں چلا جاتا تھا۔

سوال30: سلیم نے چار لڑکوں کی کیا خوبیاں بیان کیں؟

جواب: سلیم نے بتایا کہ چاروں لڑکے راستے میں نظریں جھکا کر چلتے ہیں، جو بھی اپنے سے بڑا مل جائے تو اسے سلام کرتے ہیں، محلے کے بد تمیز لڑکوں سے ان کا کوئی واسطہ نہیں اور نماز باقاعدگی سے ادا کرتے ہیں۔

سوال 31: حضرت بی کون تھیں اور انہوں نے سلیم کو کیا نصیحت کی؟

جواب: حضرت بی سلیم کے محلّے میں رہنے والے چار شریف لڑکوں کی نانی تھی۔ اس نے سلیم کو نصیحت کی کہ بھلے مانسوں کا دستور ہے کہ اپنے سے بڑوں کو سلام کریں۔

سوال 32: جمن شیخ اور الگو چودھری میں دوستی کا آغاز کب ہوا؟

جواب: جمن شیخ اور الگو چودھری میں دوستی کا آغاز بچپن میں ہوا تھا، جب دونوں لڑکے جمن کے والد شیخ جمعراتی سے پڑھا کرتے تھے۔

سوال 33: شیخ جمن کی بیوی کا خالہ کی ملکیت کے ہبہ نامے کی رجسٹری کے بعد خالہ سے کیسا سلوک تھا؟

جواب: شیخ جمن کی بیوی کا خالہ کی ملکیت کے ہبہ نامے کی رجسٹری کے بعد خالہ سے سلوک بدل گیا تھا۔ بعد میں جمن کی اہلیہ نے رفتہ رفتہ سالن کی مقدار روٹیوں سے کم کر دی۔

سوال 34: الگو چودھری کے پنچ مقرر ہونے پر شیخ جمن کیوں خوش تھا؟

جواب: الگو چودھری کے پنچ منتخب ہونے پر خوش اس لیے تھا، کیونکہ وہ اس کا بہترین دوست تھا اور اسے نظر آرہا تھا کہ الگو اس کے حق میں فیصلہ کرے گا۔

سوال 35: الگو چودھری نے کیا فیصلہ سنایا؟

جواب: الگو چودھری نے فیصلہ سنایا کہ زیادتی شیخ جمن کی ہے۔ کھیتوں سے معقول نفع ہوتا ہے۔ اس لیے جمن خالہ جی کو ماہانہ خرچ ادا کرے ورنہ ہبہ نامہ منسوخ ہو جائے گا۔

سوال 36: الگو چودھری کا فیصلہ سُن کر شیخ جمن کا ردِّ عمل کیا تھا؟

جواب: الگو چودھری کا فیصلہ سن کر شیخ جمن سناٹے میں آگیا اور کہنے لگا: "اس زمانے میں یہی دوستی ہے کہ جو اپنے اوپر بھروسا کرے اسی کی گردن پر چھری پھیری جائے۔" اس فیصلے نے الگو اور جمن کی دوستی کی جڑیں ہلا دیں اور جمن الگو سے انتقام لینے کا سوچنے لگا۔

سوال 37: الگو چودھری نے سمجھو سیٹھ کو بیل کیوں فروخت کیا؟

جواب: الگو چودھری نے سمجھو سیٹھ کو بیل اس لئے فروخت کیا کہ اس کا دوسرا بیل مر گیا تھا۔ کوئی اور جوڑی دار بیل اسے ملا نہیں۔ اس لیے اس نے اپنا بیل سمجھو سیٹھ کو فروخت کر دیا۔

سوال 38: سمجھو سیٹھ نے الگو چودھری سے خریدے ہوئے بیل کے ساتھ کیسا سلوک کیا؟

جواب: سمجھو سیٹھ نے الگو چودھری سے خریدے ہوئے بیل کے ساتھ بہت بُرا سلوک کیا۔ اس نے دن میں کئی کئی چکر منڈی میں لگانے شروع کر دیے۔ اس کے چارے اور آرام کا خیال نہ رکھتا تھا۔ وہ بے چارہ دم بھی نہ لینے پاتا کہ اسے پھر جوت دیتا تھا۔

سوال39: **الگو چودھری اور سمجھو سیٹھ نے کون سا تنازع پنچایت کے سامنے پیش کیا؟**

جواب: الگو چودھری نے سمجھو سیٹھ کو ایک مہینہ کے ادھار پر بیل دیا تھا۔ اس نے بیل سے بہت زیادہ کام لیا۔ وقت پر چارہ پانی نہیں دیا، جس سے بیل کمزور ہو گیا۔ ایک دن اس نے اسے بہت زیادہ مارا کہ وہ وہیں پر گر کر مر گیا۔ جب الگو اس سے اپنے پیسے لینے گیا تو میاں بیوی نے الٹا اسے ہی کوسنا شروع کر دیا۔ اس پر وہ لڑ پڑے تو یہ تنازع پنچایت کے سامنے پیش کیا گیا۔

سوال40: **شیخ جمن نے فیصلہ سناتے ہوئے انصاف کے اصولوں کو کہاں تک پورا کیا؟**

جواب: شیخ جمن نے فیصلہ سنانے سے پہلے فریقین سے تمام حالات سنے اور بڑے غور و خوض سے فیصلہ سنا دیا۔ اس نے اپنی دشمنی اور پسند و ناپسند کو ایک طرف رکھ کر فیصلہ کیا۔ جمن نے حق اور انصاف کے ساتھ فیصلہ دیا۔

سوال41: **روزانہ آرام و سکون نہ کیا جائے تو اس کا کیا نتیجہ نکلتا ہے؟**

جواب: اگر روزانہ تھوڑا وقت آرام و سکون کے لیے نہ نکالا جائے تو انسان بیمار ہو سکتا ہے اور کام کاج کے قابل نہیں رہتا۔

سوال42: **بیماری کے باوجود میاں دفتر جانے کے لیے کیوں تیار ہو جاتا ہے؟**

جواب: ڈاکٹر نے میاں کو آرام و سکون کا مشورہ دیا تھا، لیکن گھر میں بھی شور اتنا تھا کہ آرام نہیں ہو سکتا تھا۔ لہٰذا اس نے فیصلہ کیا کہ گھر میں رہنے کی بجائے دفتر چلا جائے۔

سوال43: **اس ڈرامے سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟**

جواب: اس ڈرامے سے ہمیں سبق ملتا ہے کہ صحت کے لیے روزانہ آرام کرنا بھی ضروری ہے۔ آرام کے بغیر مسلسل کام کرنے سے انسان بیمار ہو سکتا ہے۔

سوال44: **بہت زیادہ شور و غل بھی ماحولیاتی آلودگی کا سبب بنتا ہے۔ شور کی آلودگی سے صحت پر کیا اثر پڑتا ہے؟**

جواب: شور کی آلودگی سے انسان کے اعصاب پر اثر پڑتا ہے۔ قوتِ سماعت بری طرح متاثر ہوتی ہے۔ امراضِ قلب اور بلڈ پریشر کی بیماریاں بھی اس آلودگی سے جنم لیتی ہیں۔

سوال45: **صحت مند رہنے کے لیے کیا باتیں ضروری ہیں؟**

جواب: صحت مند رہنے کے لیے صاف ستھری ہوا اور روزانہ سیر کا اہتمام کرنا چاہیے۔ مناسب غذا لی جائے اور مناسب مقدار میں کام کیا جائے۔ شور سے پاک فضا میں رہنے کی کوشش کی جائے۔

سوال46: **ہمسائے کی کون سی حرکت سے میاں کے آرام میں خلل پڑ رہا تھا؟**

جواب: میاں کا ہمسایہ ہارمونیم بے سُرے انداز میں بجا رہا تھا، جس سے میاں اشفاق کے آرام میں خلل پڑ رہا تھا۔

سوال47: **تجمل نے اختر کے بارے میں کس قسم کے خیالات کا اظہار کیا؟**

جواب: تجمل نے کہا کہ فنکار لوگوں کی یہ عادت ہوتی ہے کہ وہ ہر وقت کسی نہ کسی سوچ میں ڈوبے رہتے ہیں۔ وہ دوسروں سے الگ تھلگ رہنا چاہتے ہیں۔

سوال48: **اختر کا حلیہ بیان کیجیے۔**

جواب: اختر ادھیڑ عمر کا شخص تھا۔ سر کے بال بکھرے ہوئے، آنکھیں شب بیداری کی وجہ سے سرخ، لباس پاجامہ اور قمیص آستینیں چڑھی ہوئیں اور آنکھوں کے گرد حلقے زیادہ نمایاں تھے۔

سوال49: **اختر کو کون تصویریں بنا کر دیتا تھا؟**

جواب: اختر کا غریب مصور دوست نیازی اسے تصویریں بنا کر دیتا تھا۔

سوال50: **نیازی نے اپنی تصویریں اختر کے حوالے کیوں کیں؟**

جواب: نیازی بہت غریب مصور تھا۔ اس نے اپنی تصویریں اختر کے حوالے اس لیے کیں کہ اُن پیسوں سے اس نے بہن کی شادی کرنی تھی اور مالک مکان کو کرایہ ادا کرنا تھا۔

سوال51: **تصویریں اختر کی نہیں ہیں۔ اس انکشاف پر تجمل کا ردِ عمل کیا تھا؟**

جواب: تجمل کو جب یہ علم ہوا کہ تصویریں اختر کی نہیں ہیں تو اس انکشاف پر اسے شدید دھچکا لگا۔ اُس نے غصے سے اختر سے کہا کہ تم مجھے اب تک دھوکا دیتے آئے ہو۔ میں کبھی سوچ بھی نہیں سکتا تھا کہ تم اتنی پست سطح پر اُتر چکے ہو۔

سوال52: **سردار تجمل حسین کی کوٹھی کا نام کیا تھا؟**

جواب: سردار تجمل حسین کی کوٹھی کا نام "النشاط" تھا۔

سوال53: **تجمل کی عمر کتنی تھی؟**

جواب: تجمل حسین کی عمر چالیس اور پینتالیس سال کے درمیان تھی اور صحت بھی نہایت اچھی تھی۔

سوال54: **تجمل نے اختر کو کون سی خوشخبری سنائی؟**

جواب: تجمل نے اختر کو یہ خوش خبری سنائی کہ اس کی بنائی ہوئی تصویر کو مقابلے میں ججوں نے اوّل انعام کا مستحق قرار دیا ہے۔

سوال55: **اختر دو سال قبل کہاں رہتا تھا؟**

جواب: اختر دو سال قبل ایک تنگ و تاریک گلی کے خستہ حال مکان میں رہتا تھا۔

سوال56: **اختر کے نزدیک نیازی کا قاتل کون تھا؟**

جواب: اختر کے نزدیک نیازی کا قاتل سردار تجمل حسین تھا۔ اس نے دو قتل کئے تھے۔ ایک تو اُس نے مصور کے فن کو خریدا اور دوسرا مصور کی جان لی۔

سوال57: **مضمون نگار کو امتحان سے گھبرانے والوں پر ہنسی کیوں آتی ہے؟**

جواب: مضمون نگار کو امتحان سے گھبرانے والوں پر ہنسی اس لیے آتی ہے کہ لوگ امتحان کے نام سے گھبراتے ہیں۔ مضمون نگار کے نزدیک امتحان کے بعد نتیجے کی دو ہی صورتیں ہیں فیل یا پاس۔ اس سال کامیاب نہ ہوئے تو آئندہ سال سہی۔

سوال58: **جُوں جُوں امتحان کے دن قریب آتے جاتے، مضمون نگار کے دوستوں اور ہم جماعتوں کا کیا حال ہوتا؟**

جواب: جوں جوں امتحان کے دن قریب آتے جاتے تو وہ بدحواس ہو جاتے، اُن کے دماغ بگڑ جاتے اور چہرے اتر جاتے تھے۔

سوال59: **مضمون نگار نے کون سا امتحان دیا تھا؟**

جواب: مضمون نگار نے "لاء کلاس" کا امتحان دیا تھا۔

سوال60: **مضمون نگار نے امتحان دیا تو کیا نتیجہ نکلا؟**

جواب: مضمون نگار نے امتحان دیا تو تمام مضامین میں بدرجہ اعلیٰ فیل ہوا۔

سوال61: **مضمون نگار کے والد نے کس طرح اُسے تسلّی دی؟**

جواب: مضمون نگار کے والد نے اسے تسلّی دی کہ بیٹا! گھبرانے کی کوئی ضرورت نہیں اس سال نہیں تو آئندہ سال سہی۔ آخر کہاں تک بے ایمانی ہو گی۔

سوال62: **کوّا گرامر میں ہمیشہ کیا استعمال ہوتا ہے؟**

جواب: کوّا گرامر میں ہمیشہ مذکر استعمال ہوتا ہے۔

سوال63: **پہاڑی کوّا کتنا لمبا ہوتا ہے؟**

جواب: پہاڑی کوّا ڈیڑھ فٹ لمبا ہوتا ہے اور وزنی ہوتا ہے۔

سوال64: **بندوق چلے تو کوّے کیا کرتے ہیں؟**

جواب: بندوق چلے تو کوّے اسے اپنی توہین سمجھتے ہیں اور فوراً لاکھوں کی تعداد میں کہیں سے آجاتے ہیں۔ اس قدر شور مچاتے ہیں کہ بندوق چلانے والا مہینوں پچھتاتا رہتا ہے۔

سوال65: **ہم ہر خوش گلو پرندے کو بُلبل سمجھتے ہیں۔ اس میں قصور کس کا ہے؟**

جواب: ہم ہر خوش گلو پرندے کو بُلبل سمجھتے ہیں اس میں قصور ہمارا نہیں بلکہ ادب کا ہے۔ شاعروں نے نہ بُلبل دیکھی نہ اسے سنا ہے لیکن پھر بھی انہوں نے اسے خوش گلو پرندہ قرار دیا۔

سوال66: **بُلبل کے گانے کی کیا وجہ ہے؟**

جواب: ماہرین کے مطابق بُلبل کے گانے کی وجہ اس کی غمگین گھریلو زندگی ہے۔

سوال67: **بُلبل بہت سے موسیقاروں سے کیوں بہتر ہے؟**

جواب: بُلبل بہت سے موسیقاروں سے اس لیے بہتر ہے کہ وہ گھنٹے بھر کا الاپ نہیں لیتی۔ بے سُری ہو جائے تو بہانے نہیں کرتی کہ ساز والے نکمے ہیں۔ پھر آپ تنگ آ جائیں تو اسے آسانی سے خاموش کرا سکتے ہیں۔

سوال68: بھینس کا مشغلہ کیا ہے؟

جواب: بھینس کا مشغلہ جگالی کرنا اور تالاب میں لیٹے رہنا ہے۔

سوال69: بھینس کس لحاظ سے انسان سے زیادہ خوش نصیب ہے؟

جواب: مضمون نگار کے نزدیک بھینس کا حافظہ کمزور ہوتا ہے اس لئے اسے کل کی بات یاد نہیں رہتی۔ اس لحاظ سے وہ انسان سے زیادہ خوش نصیب ہے۔

سوال70: اُلّو کی کتنی قسمیں بتائی جاتی ہیں؟

جواب: مضمون نگار کے نزدیک اُلّو کی بیس قسمیں بتائی جاتی ہیں۔ مصنف کے خیال کے مطابق پانچ قسمیں ہی کافی تھیں۔

سوال71: اُلّو کو کون پسند کر سکتا ہے؟

جواب: اُلّو کو وہی پسند کرتا ہے جو فطرت کا ضرورت سے زیادہ مداح ہو۔

سوال72: اُلّو کو اپنے بچوں کی تعلیم و تربیت سے دلچسپی کیوں نہیں؟

جواب: اُلّو کو اپنے بچوں کی تعلیم و تربیت سے کوئی دلچسپی نہیں کیونکہ وہ جانتا ہے کہ یہ سب بے سود ہے۔

سوال73: بِلّی کتنے عرصے میں سدھائی جا سکتی ہے؟

جواب: بِلّی ایک سال میں سدھائی جا سکتی ہے مگر سال بھر کی مشقت کا نتیجہ صرف ایک سدھائی ہوئی بِلّی ہو گی۔

سوال74: مصنف کو کس قسم کا بنگلا رہنے کو ملا؟

جواب: مصنف کو سی کلاس کا بنگلا رہنے کو ملا۔

سوال75: سلیم میاں کا مشغلہ کیا تھا؟

جواب: سلیم میاں کا مشغلہ کھیل کود تھا اور دوستوں کے ساتھ سیر و تفریح یا سارا دن ٹی۔ وی دیکھتے رہنا۔

سوال76: سلیم میاں، علی بخش پر کیوں برہم ہوئے؟

جواب: سلیم میاں کی غیر موجودگی میں ان کا دوست امجد ملنے آیا۔ علی بخش نے اس کی بہت زیادہ خدمت نہ کی جس پر سلیم میاں علی بخش پر برہم ہوئے کہ امجد سمجھے گا کہ ہم دیہاتی ہیں اور ہمیں آداب نہیں آتے۔

سوال77: دیہاتی لڑکا پہلے دن سکول گیا تو اُس نے کیسا لباس پہن رکھا تھا؟

جواب: دیہاتی لڑکا پہلے دن سکول گیا تو اس نے اپنے پاؤں میں پوٹھوہاری جوتی، کرتہ اور تہمد پہن رکھا تھا۔

سوال78: ماسٹر جی چھوٹے چودھری کے گاؤں کیوں گئے تھے؟

جواب: ماسٹر جی کو شکار کرتے کرتے رات ہو گئی تو وہ چھوٹے چودھری کے گھر چلے گئے۔

سوال79: ماسٹر جی کو چائے کیسے پیش کی گئی؟

جواب: ان دنوں گاؤں میں چائے بنانے کا رواج نہ تھا۔ چائے صرف مریضوں کو دی جاتی تھی۔ کوئی چائے بنانا بھی نہ جانتا تھا۔ اس لیے ماسٹر جی کو آدھی کچی، آدھی پکی چائے پیش کی گئی جو بہت بدمزہ تھی۔

سوال80: **دیہاتی لڑکے کی کہانی سُن کر سلیم میاں پر کیا اثر ہوا؟**

جواب: سلیم میاں کی آنکھوں میں آنسو آگئے اور آنکھوں میں ایک دیہاتی کے لیے محبت کی چمک پیدا ہو گئی۔

سوال81: **آپ اپنے سکول میں دہشت گردی کی روک تھام کے لیے کیا کر سکتے ہیں؟**

جواب: ہم اپنے سکول میں دہشت گردی کی روک تھام کے لیے درج ذیل اقدامات کر سکتے ہیں:

1۔ سکول کے اوقات کار میں کسی اجنبی شخص کو بغیر تحقیق سکول کی طرف نہ آنے دیا جائے۔

2۔ سکول میں سی سی ٹی وی کیمرے لگائیں۔ 3۔ گیٹ پر سیکیورٹی گارڈ تعینات کرائیں۔

4۔ سکول کے گردونواح اور مشکوک افراد پر نظر رکھیں۔

سوال82: **ایک دکاندار اپنے علاقے میں کس طرح دہشت گردی کی روک تھام میں معاونت کر سکتا ہے؟**

جواب: ہر محلے اور قصبے کے دکاندار اپنی دکان کھولنے سے پہلے ارد گرد کا جائزہ لیں کہ کوئی مشکوک چیز مثلاً سائیکل، موٹر سائیکل یا گاڑی وغیرہ لاوارث تو نہیں کھڑی اگر ہے تو فوراً 15، 1122 یا 1717 پر اطلاع دیں۔

سوال83: **لوگوں کو دہشت گردی سے نمٹنے کے لیے اپنی مدد آپ کے تحت کیا کرنا چاہیے؟**

جواب: دہشت گردی سے نمٹنے کے لیے لوگوں کو اپنی مدد آپ کے تحت مندرجہ ذیل کام کرنے چاہئیں:

1۔ اپنے علاقے کے سکولوں کی چار دیواریاں اونچا کرنے میں سکول انتظامیہ کی مدد کریں۔

2۔ ایمرجنسی کی صورت میں 15، 1122 یا 1717 پر اطلاع دیں۔

3۔ کرایہ دار اور گھریلو ملازم کو رکھنے سے پہلے متعلقہ تھانوں میں ان کے شناختی کارڈ کا اندراج ضرور کروائیں۔

سوال84: **دہشت گردی کو روکنے کے لیے کرایہ داروں کے لیے ضروری معیار مختصراً بیان کیجیے۔**

جواب: کرایہ داروں کے شناختی کارڈوں کی پڑتال اور اندراج متعلقہ تھانے میں ہونی چاہیے۔

سوال85: **محلے میں دہشت گردی کے حوالے سے آگاہی سینٹر کے قیام کے کیا مقاصد ہو سکتے ہیں؟**

جواب: محلے میں دہشت گردی کے حوالے سے آگاہی سنٹر کے مقاصد درج ذیل ہو سکتے ہیں:

1۔ آگاہی سنٹرز کے ذریعے ہر طرح کی ضروری معلومات دوسروں تک پہنچتی ہیں۔

2۔ آگاہی سنٹرز کے ذریعے ایمرجنسی کی صورتِ حال سے نمٹنے کے لیے ضروری تربیت حاصل کی جا سکتی ہے۔

سوال86: **کون سا بندہ حمد سرا ہے؟**

جواب: نافرمان بندہ حمد سرا ہے۔

سوال87: **کس کا حق سب سے مقدم ہے؟**

جواب: اللہ تعالیٰ کا حق سب سے مقدّم ہے۔

سوال 88: **محرم اور نامحرم میں کیا فرق ہے؟**

جواب: محرم سے مراد ہے جو کسی چیز سے واقف ہو۔ جس کے بارے میں بندہ سب کچھ جانتا ہو۔ نامحرم کا مطلب ہے نہ جاننے والا۔ شاعر کے نزدیک محرم اور نامحرم میں کوئی فرق نہیں ہے۔

سوال 89: **اللہ کا گدا کس میں مگن رہتا ہے؟**

جواب: اللہ کا گدا اپنی کملی میں مگن رہتا ہے۔

سوال 90: **بادِ صبا گھر گھر کیا لیے پھرتی ہے؟**

جواب: بادِ صبا گھر گھر اللہ کا پیغام لیے پھرتی ہے۔

سوال 91: **صبا کہاں سے آتی ہے؟**

جواب: صبا مدینے سے آتی ہے۔

سوال 92: **پھولوں میں کس کی خوشبو ہے؟**

جواب: پھولوں میں مدینے کی خوشبو ہے۔

سوال 93: **شاعر کے دل میں کیا حسرت اور آرزو ہے؟**

جواب: شاعر کے دل میں یہ حسرت اور آرزو ہے کہ آنحضرت ﷺ کے در پر جیوں اور آپ ﷺ کے در پر ہی مَروں۔

سوال 94: **شاعر اپنی حرمت و آبرو کس بات میں خیال کرتا ہے؟**

جواب: شاعر اپنی حرمت و آبرو اس بات میں خیال کرتا ہے کہ وہ آپ ﷺ کے احکامات اور طریقوں پر عمل کرتے ہوئے دنیا سے رخصت ہو جائے۔

سوال 95: **طوطی و بُلبل کس کا ذکر کرتے ہیں؟**

جواب: طوطی و بُلبل حضرت محمد ﷺ کا ذکر کرتے ہیں۔

سوال 96: **تیتر اللہ تعالیٰ کی عظمت کیسے بیان کرتے ہیں؟**

جواب: تیتر سبحان تیری قدرت کہہ کر اللہ تعالیٰ کی عظمت بیان کرتے ہیں۔

سوال 97: **گلزار کے بھیگنے اور سبزے کے نہانے سے کیا مراد ہے؟**

جواب: گلزار کے بھیگنے اور سبزے کے نہانے سے شاعر کی مراد ہے کہ بارش کی وجہ سے چمن و گلشن اور تمام سبزے نہا گئے ہیں ہر طرف جل تھل ہو گئی ہے۔

سوال 98: **اقبال نے ڈالی اور شجر سے کیا مراد لیا ہے؟**

جواب: اقبال نے ڈالی سے مراد فرد اور شجر سے ملت یا قوم مراد لیا ہے۔

سوال 99: **عہدِ خزاں کس کے واسطے لازوال ہے؟**

جواب: جس طرح ڈالی یا شاخ درخت سے علیحدہ ہو جاتی ہے تو اس کے لیے عہدِ خزاں لازوال ہے اسی طرح عہدِ خزاں اس فرد کے واسطے لازوال ہے جو اپنی قوم سے الگ اور جدا ہو جاتا ہے۔

سوال 100: **کس کے گلستان میں فصلِ خزاں کا دور ہے؟**

جواب: ہندوستان کے مسلمان چونکہ غلامی کی زندگی گزار رہے تھے اس لیے انہیں مخاطب کیا گیا ہے کہ ان کے باغ میں خزاں کا دور دورہ ہے۔ برصغیر کے مسلمان مصیبت کے مارے ہوئے ہیں۔ زوال پذیر ہیں۔

سوال 101: **جیب گل کس چیز سے خالی ہے؟**

جواب: جیبِ گُل زر سے خالی ہے۔ اس سے مراد یہ ہے کہ پھول کی جھولی اس خالص زر دانے سے خالی ہے جس کی بدولت پھول میں بیج بنتا ہے اور اس کی نسل بڑھتی ہے۔

سوال 102: **خلوتِ اوراق میں کون نغمہ زن تھے؟**

جواب: خلوتِ اوراق میں طیور نغمہ زَن تھے۔ اس کا مطلب ہے کہ ملت اسلامیہ کے وہ مرد مومن جنھوں نے مسلمانوں کے اندر کردار و عمل کا جذبہ بیدار کیا ہے۔ ایک ایک کر کے اس دنیا سے رخصت ہو چکے ہیں۔

سوال 103: **ہمیں کس چیز سے سبق اندوز ہونا چاہیے؟**

جواب: ہمیں شاخِ بریدہ سے سبق اندوز ہونا چاہیے۔ شاعر کہتا ہے کہ خزاں میں ٹوٹنے والی اس شاخ سے ہمیں یہ سبق حاصل کرنا چاہیے کہ جو ڈالی یا شاخ درخت سے ٹوٹ کر الگ ہو جاتی ہے وہ کسی طرح ہری نہیں ہو سکتی۔ اسی طرح جب مسلمانوں میں اتحاد ختم ہو جائے تو وہ ترقی نہیں کر سکتے۔

سوال 104: **اُمید بہار کے لیے کس بات کی ضرورت ہے؟**

جواب: اُمید بہار کے لیے شجر سے پیوستہ رہنے کی ضرورت ہے۔ شاعر کی اس سے مراد ہے کہ مسلمان کو اپنی ملت سے جڑے رہنا چاہیے۔

سوال 105: **میؔر نے نیم باز آنکھوں کی مستی کو کیا قرار دیا ہے؟**

جواب: میؔر نے نیم باز آنکھوں کی مستی کو شراب کی مستی قرار دیا ہے۔

سوال 106: **شاعر اضطراب کی حالت میں کیا کرتا ہے؟**

جواب: شاعر اضطراب کی حالت میں اپنے محبوب کے در پر چلا جاتا ہے۔

سوال 107: **شاعر نے ہمیشہ کس کے وصف لکھے ہیں؟**

جواب: شاعر نے ہمیشہ اپنے یار کے دانتوں کے وصف لکھے ہیں۔

سوال 108: **شاعر کی عمر کیسے بسر ہوئی ہے؟**

جواب: شاعر کی عمر ہمیشہ جاگ کر بسر ہوئی ہے۔

سوال 109: **شاعر نے اپنی کشتِ سخن کے بارے میں کیا کہا ہے؟**

جواب: شاعر نے اپنی کشتِ سخن کے بارے میں کہا کہ مجھے یہ ہنر خدا نے عطا کیا ہے۔ میں نے اس پر ذرا بھر کی بھی محنت نہیں کی پھر بھی قابل داد ہے۔

سوال110: برہمن کو کس بات کی حسرت رہی؟

جواب: برہمن کو ہمیشہ اس بات کی حسرت رہی کہ کاش! اس کے بت بولیں تاکہ وہ ان سے باتیں کرسکے۔

سوال111: شاعر کا قلم کیا کام کرتا ہے؟

جواب: شاعر کا قلم ہمیشہ اس کے محبوب کے دانتوں کی تعریف لکھتے ہوئے موتی پر ہوتا ہے۔

سوال112: شاعر کو کن سے وفا کی اُمید ہے؟

جواب: شاعر کو ان سے وفا کی امید ہے جو نہیں جانتے کہ وفا کیا ہے۔

سوال113: شاعر نے کسے ناداں کہا ہے؟

جواب: شاعر نے دل کو ناداں کہا ہے۔

سوال114: کون مشتاق ہے اور کون بیزار؟

جواب: شاعر اپنے محبوب کی بات کررہا ہے کہ ہم مشتاق ہیں ملنے کو اور وہ بیزار ہیں۔

سوال115: درویش کے لب پر کیا صدا ہے؟

جواب: درویش کے لب پر یہ صدا ہے "بھلا کر تیرا بھلا ہو گا"۔

سوال116: انسان کی عمرِ دراز کے چار دن کیسے کٹتے ہیں؟

جواب: انسان کی عمرِ دراز کے چار دنوں میں سے دو آرزو میں کٹ جاتے ہیں اور دو اس آرزو کے پورا ہونے کے انتظار میں کٹ جاتے ہیں۔

سوال117: بُلبل کو باغباں اور صیاد سے کیا گِلہ ہے؟

جواب: بُلبل کو باغباں اور صیاد سے کوئی شکوہ و شکایت نہیں ہے کیونکہ باغباں اس قابل ہی نہ تھے کہ وہ بُلبل کی حفاظت کرپاتے۔

سوال118: بُلبل کی قسمت میں کیا لکھا تھا؟

جواب: بُلبل کی قسمت میں قید اور تنہائی لکھی تھی۔ بُلبل کو بہار کے موسم میں ہی قیدِ تنہائی برداشت کرنا پڑی۔

سوال119: شاعر اپنی حسرتوں سے کیا کہنا چاہتا ہے؟

جواب: شاعر اپنی حسرتوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہتا ہے کہ میرے غمزدہ دل میں تمہارے واسطے کوئی مقام نہیں ہے۔ میرے اِس داغدار دِل میں ناکام حسرتوں کو اجاگر کرنے کی کوئی طاقت نہیں ہے۔

سوال120: شاعر نے اپنی کس بد نصیبی کا ذکر کیا ہے؟

جواب: شاعر نے اپنی اس بد نصیبی کا ذکر کیا ہے کہ مرنے کے بعد اسے دو گز زمین بھی اپنے وطن میں نہ مل سکے گی۔ اور اسے دیارِ غیر یعنی پردیس میں ہی دفنا دیا جائے گا۔

نظموں کے مرکزی خیال

نظم کا نام: حمد

شاعر کا نام: خواجہ الطاف حسین حالؔی

مرکزی خیال: شاعر، اللہ رب العزت کی حمد و ثناء بیان کرتے ہوئے کہتا ہے کہ تیری شانِ کبریائی کے مطابق بندے سے تیرا حق ادا نہیں ہو سکتا۔ اللہ تعالیٰ کی ذات ہر چیز سے اعلیٰ و ارفع ہے اور وہی سب چیزوں پر محیط اور قابض ہے۔

☆☆☆☆☆

نظم کا نام: نعت

شاعر کا نام: امیؔر مینائی

مرکزی خیال: شاعر، پیارے آقا کریم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ اور ان کے پیارے پیارے شہر مدینہ منورہ سے بے پناہ محبت و عقیدت کا اظہار کرتے ہوئے کہتا ہے کہ آپ ﷺ کی ذاتِ پاک کامل ہے اور ہر اک چیز آپ ﷺ اور مدینہ منورہ سے پیار کرتی ہے۔

☆☆☆☆☆

نظم کا نام: برسات کی بہاریں

شاعر کا نام: نظیؔر اکبر آبادی

مرکزی خیال: شاعر برسات کے موسم کے نظاروں کو بیان کرتے ہوئے کہتا ہے کہ برسات کی دھوم کی وجہ سے سبزہ لہلہا رہا ہے اور جل تھل ایک ہیں۔ بادلوں کی آمد نے ایک عجیب اور دلفریب منظر پیدا کر دیا ہے۔

☆☆☆☆☆

نظم کا نام: پیوستہ رہ شجر سے اُمیدِ بہار رکھ

شاعر کا نام: علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ علیہ

مرکزی خیال: شاعر اُمّتِ مسلمہ کو متحد رہنے کی نصیحت کرنے کے لیے شجر اور ڈالی کے تعلق کی مثال دیتا ہے۔ جس طرح ڈالی شجر سے ٹوٹ کر اپنی اہمیت کھو دیتی ہے اسی طرح اُمّت سے الگ ہو کر فرد کی کوئی حیثیت نہیں رہتی۔

☆☆☆☆☆

ضرب الامثال

1۔ آ بیل مجھے مار
2۔ آپ آئے بھاگ آئے
3۔ آخ تُھو کھٹے ہیں۔
4۔ آدمی کا شیطان آدمی ہے۔
5۔ اُلٹے بانس بریلی کو
6۔ بات کھٹائی میں پڑ گئی۔
7۔ بارہ برس دلی میں رہے بھاڑ ہی جھونکا کیے۔
8۔ باسی کڑھی میں ابال آیا۔
9۔ بد اچھا، بدنام بُرا۔
10۔ بوڑھی گھوڑی لال لگام
11۔ بلی کے بھاگوں چھینکا ٹوٹا
12۔ پاک رہو بے باک رہو
13۔ سوت نہ کپاس جولاہے سے لٹھم لٹھا
14۔ کمخواب میں ٹاٹ کا پیوند
15۔ تخم تاثیر صحبت کا اثر
16۔ جتنی چادر دیکھئے اتنے پاؤں پھیلائیے
17۔ جس کی لاٹھی اس کی بھینس
18۔ چور کی داڑھی میں تنکا
19۔ حساب جو جو، بخشش سو سو
20۔ خدمت سے عظمت ہے
21۔ دل کو دل سے راہ ہوتی ہے
22۔ ڈوبتے کو تنکے کا سہارا بہت ہے
23۔ رات گئی بات گئی
24۔ زبانِ خلق کو نقارۂ خدا سمجھو
25۔ سیکھ نہ دیجئے باندرا جو گھر بئے کا جائے سیکھ وا کو دیجئے جا کو سیکھ سُہائے
26۔ شیخی اور تین کانے
27۔ صورت نہ شکل بھاڑ سے نکل
28۔ طویلے کی بلا بندر کے سر
29۔ ظلم کی ٹہنی کبھی پھلتی نہیں، ناؤ کاغذ کی کبھی چلتی نہیں
30۔ عید پیچھے ٹر
31۔ غریب کی جورو سب کی بھابھی
32۔ فقیر کی صورت سوال ہے
33۔ قاضی کے گھر کے چوہے بھی سیانے
34۔ کاٹھ کی ہانڈی بار بار نہیں چڑھتی
35۔ گڑ سے جو مرے تو زہر کیوں دو
36۔ لاد دے لدا دے لادنے والا ساتھ دے
37۔ ماروں گھٹنا پھوٹے آنکھ
38۔ نو سو چوہے کھا کے بلی حج کو چلی
39۔ ہاتھی کے دانت کھانے کے اور دکھانے کے اور
40۔ یہاں کا باوا آدم ہی نرالا ہے

☆☆☆☆☆

سابقہ بورڈ پیپرز سے منتخب شدہ واحد جمع اور مذکر مؤنث

واحد	جمع	واحد	جمع	واحد	جمع	مذکر	مؤنث	مذکر	مؤنث
سلطان	سلاطین	شعر	اشعار	ہدایت	ہدایات	نٹ	نٹنی	کنوارا	کنواری
قافیہ	قوافی	صوت	اصوات	اُمت	اُمم	سسر	ساس	سیٹھ	سیٹھانی
ثقہ	ثِقات	ملک	ملوک	اقلیم	اقالیم	بھینسا	بھینس	گدھا	گدھی
ادب	آداب	مثال	امثال	عظیم	عظام	سقا	سقن	گوجر	گوجری
وسوسہ	وساس	مشروب	مشروبات	معدن	معادن	مالک	مالکہ	تنبولی	تنبولن
قطب	اقطاب	موج	امواج	باب	ابواب	بادشاہ	ملکہ	مہتر	مہترانی
شاعر	شعرا	عندلیب	عنادل	استاد	اساتذہ	زوج	زوجہ	سنار	سنارن
جزیرہ	جزائر	خیمہ	خیام	خلق	اخلاق	گھسیارا	گھسیارن	ملازم	ملازمہ
ملک	ممالک	زمانہ	ازمنہ	حکم	احکام	گرہست	گرہستن	خان	خانم
مشغلہ	مشاغل	طالب	طلبا	زائد	زوائد	ماموں	ممانی	نندوئی	نند
عدد	اعداد	کتاب	کتب	نور	انوار				
سنت	سنن	امام	آئمہ	شر	شرور				
محدث	محدثین	قلب	قلوب	فرقہ	فِرَق				
تفسیر	تفاسیر	حدیث	احادیث	صالح	صلحا				
نصیحت	نصائح	مد	مدات						

☆☆☆☆☆

سابقہ بورڈ پیپرز سے منتخب شدہ الفاظ متضاد اور الفاظ مترادف

الفاظ	متضاد	الفاظ	متضاد	الفاظ	مترادف	الفاظ	مترادف
لطیف	کثیف	تاریک	روشن	بھروسہ	اعتماد	وسیع	کشادہ
باطن	ظاہر	شک	یقین	مسرت	خوشی	مدح	تعریف/ستائش
آغاز	انجام	دیندار	بے دین	عاقل	دانا	رغبت	شوق
خاص	عام	تقدیم	تاخیر	سہل	آرام دہ	عزت	آبرو
امانت	خیانت	مخالف	موافق	محبت	الفت	توکل	بھروسہ
حاضر	غائب	مشکل	آسان	عروج	بلندی		
شام	صبح	رغبت	نفرت				
فقیری	امیری	زبردست	زیردست				

☆☆☆☆☆

کثیر الانتخابی سوالات کے جوابات

سوال نمبر	جواب	سوال نمبر	جواب	سوال نمبر	جواب
01	(d) جناب امیر رضی اللہ عنہ	02	(c) خواجہ باسط کے	03	(b) بیدارانے
04	(a) کھلونا گاڑی	05	(b) چیز نہیں	06	(d) ہو ہو
07	(b) اردگرد مشکوک اشیاء کا	08	(a) گدا	09	(b) آنحضرت ﷺ کو
10	(b) چار دن	11	(c) روشن	12	(d) خوشی
13	(a) فقیرنی	14	(b) اذکار	15	(c) دین
16	(c) لڑکی	17	(d) تمام کا	18	(d) میر تقی میر کی
19	(b) سامان	20	(c) ناپائیدار میں	21	(a) استانی
22	(b) محسن	23	(a) حکایت	24	(b) سید امتیاز علی تاج
25	(a) قاضی	26	(b) مخالفانہ	27	(b) دلوں پر
28	(b) جرأت کا	29	(a) رتی برابر	30	(a) کاہلی چھوڑ کر
31	(b) نفاق	32	(a) امت	33	(a) بدنصیب

34	(c)	حالیؔ	35	(d)	گارڈ	36	(a)	سلیم
37	(a)	اخلاق	38	(c)	کمہاری	39	(c)	عقل مند
40	(c)	رقوم	41	(b)	طیور	42	(a)	ایبٹ آباد
43	(b)	چمن	44	(d)	محنت	45	(b)	مدینہ
46	(b)	امیر مینائی	47	(d)	ان تمام	48	(c)	دلاور علی
49	(d)	غالب	50	(c)	بے گانہ	51	(c)	دلہن
52	(b)	ادوار	53	(b)	پانی پت	54	(a)	مبتدی
55	(b)	دو	56	(b)	حکایت	57	(c)	حجاب
58	(a)	بیس	59	(a)	مدینہ سے	60	(b)	اقبال
61	(b)	بہادر شاہ ظفر	62	(c)	خانم	63	(b)	تاخیر
64	(a)	عاقل	65	(c)	امرا	66	(d)	جد
67	(b)	تین	68	(c)	مروت ولحاظ	69	(c)	غالبؔ
70	(b)	للّو	71	(c)	عوامی	72	(c)	قافیہ
73	(c)	دیورانی	74	(a)	بدمعاش	75	(d)	بھروسہ
76	(b)	کتب	77	(d)	اسلوب	78	(b)	اخلاق
79	(a)	ریٹھے	80	(d)	مسرور	81	(d)	حضرت علی رضی اللہ عنہ
82	(d)	تکان اور حرارت	83	(b)	الطاف	84	(c)	مخالفانہ
85	(a)	راحت، آرام	86	(c)	بھکارن	87	(c)	ماموں
88	(b)	نعت	89	(c)	16 دسمبر 2014ء	90	(c)	کترے گا
91	(d)	حقہ	92	(a)	حضرت بی	93	(b)	مضمون
94	(c)	باغ باغ	95	(a)	آرام	96	(c)	بادشاہی
97	(a)	سبق	98	(d)	حکام	99	(d)	دسمبر میں
100	(c)	کاٹنا	101	(a)	ولی محمد	102	(a)	قلیل
103	(b)	صاحبزادی	104	(d)	آم	105	(a)	لکڑی
106	(d)	اشفاق	107	(b)	منشی صاحب	108	(b)	بلبل
109	(b)	فارسی	110	(c)	برما	111	(d)	نقول
112	(b)	حاکم	113	(a)	شوق	114	(a)	پنجابی کے

نمبر	جواب		نمبر	جواب		نمبر	جواب	
115	(b)	نظیر اکبر آبادی	116	(c)	زبورِ عجم	117	(a)	منشی پریم چند
118	(b)	بیرنگ	119	(b)	فراز	120	(b)	ملکہ
121	(d)	بروج	122	(a)	ذاکر	123	(c)	فراخ
124	(b)	رنج	125	(c)	بچھیا	126	(a)	سودآنے
127	(c)	جمن پر	128	(d)	رؤف	129	(a)	ڈیڑھ فٹ
130	(c)	ماسٹر جی	131	(c)	آگرہ میں	132	(c)	آباء
133	(a)	کابلی چھوڑ کر	134	(b)	امیرانہ	135	(c)	کتاب پڑھ رہے تھے
136	(c)	ردیف	137	(d)	امواج	138	(a)	ساکن
139	(d)	الگو چودھری کو	140	(d)	دانا	141	(b)	پانچ
142	(a)	مطلع	143	(b)	مولانا شبلی نے	144	(d)	ذوق نے
145	(b)	سرسید احمد خان	146	(a)	شفیق الرحمان نے	147	(d)	سب کو
148	(a)	علامہ اقبال	149	(b)	بہادر شاہ	150	(a)	جرم
151	(c)	خدام	152	(a)	رانڈ	153	(c)	زیردست
154	(a)	تیرگی	155	(c)	حضرت امیر رضی اللہ عنہ کے	156	(c)	محمد حسین آزاد
157	(b)	دھنپت رائے	158	(b)	شمس العلماء	159	(b)	غزل سے
160	(c)	ادھار لینا	161	(d)	حصص	162	(a)	زوج
163	(c)	مہترانی	164	(c)	بھروسہ	165	(d)	لگاؤ
166	(a)	حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ سے	167	(c)	سی کلاس	168	(a)	حمد
169	(a)	ڈالی	170	(b)	غزل	171	(c)	اَدب
172	(a)	ضعف	173	(b)	تاریکی	174	(b)	امانتیں
175	(d)	سمجھو سیٹھ نے	176	(c)	اللہ تعالیٰ کا	177	(c)	صبح کی ہوا
178	(c)	نواسی	179	(b)	گرم	180	(b)	کشادہ
181	(c)	ابدان	182	(c)	جرأت سے	183	(b)	مولانا شبلی نعمانی
184	(c)	مدینہ	185	(c)	آفات	186	(b)	خیانت
187	(d)	عاقل، دانش مند	188	(b)	چماری	189	(d)	النشاط
190	(a)	حیوان	191	(b)	چائے	192	(c)	برسات کا

نمبر	جواب		نمبر	جواب		نمبر	جواب	
193	(b)	اضطراب کی	194	(a)	اکابر	195	(b)	دستور
196	(c)	کُتیا	197	(d)	تنگ دستی	198	(d)	کثیر
199	(c)	الطاف حسین حالی	200	(d)	نافرماں	201	(a)	مولانا الطاف حسین حالی
202	(a)	تاریکی، اندھیرا	203	(d)	مینڈکی	204	(d)	روایتی
205	(b)	غنی	206	(c)	نواسی	207	(b)	سبحان تیری قدرت
208	(c)	نندوئی	209	(d)	اُوپر	210	(c)	صبح دس بجے
211	(b)	سُنن	212	(c)	صحابی	213	(b)	راحت، مسرت
214	(c)	نند	215	(b)	سجود	216	(b)	آبرو
217	(b)	شعراء	218	(c)	علامہ اقبال	219	(d)	مولانا محمد حسین آزاد
220	(b)	ڈپٹی نذیر احمد	221	(a)	دقائق	222	(b)	نامولود
223	(a)	بے دین	224	(c)	ذاتی توہین	225	(c)	عظام
226	(b)	ازواج	227	(a)	مسرت، انبساط	228	(b)	مرزا غالب
229	(c)	کلکتہ	230	(d)	پانچ	231	(b)	اُستاد
232	(c)	انار کلی	233	(b)	سراقہ بن جعشم	234	(b)	فرائض
235	(a)	نظیر اکبر آبادی	236	(a)	عرض	237	(d)	تنبولن
238	(b)	بھروسہ، اعتماد	239	(d)	فرش گل	240	(d)	گلہ
241	(c)	عسرت، غربت	242	(a)	حباب	243	(d)	اکبر
244	(b)	مہترانی	245	(a)	صلحا	246	(c)	اقلیت
247	(c)	تشبیہ	248	(b)	عزت، آبرو	249	(b)	قید
250	(a)	ساس	251	(d)	مشارب	252	(d)	لڑکا
253	(c)	ملت اسلامیہ	254	(a)	مرہم	255	(d)	بُرہان
256	(b)	سُرخ	257	(a)	مقوی	258	(c)	باب
259	(d)	جزا	260	(b)	تجمّل	261	(b)	ساگودانہ
262	(b)	ملک کے ساتھ	263	(b)	کمزور	264	(c)	بندی
265	(c)	آموں سے	266	(c)	سراقہ بن جعشم	267	(d)	سیرۃ النبی ﷺ
268	(b)	حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ	269	(d)	حالیؔ کا	270	(c)	میر تقی میرؔ
271	(b)	عندلیب	272	(a)	ممانی	273	(b)	ستائش

274	(a)	مولانا الطاف حسین حالؔی	275	(c)	مروّت اور لحاظ	276	(a)	مولانا الطاف حسین حالؔی نے
277	(c)	ظرافت	278	(c)	کملی میں	279	(b)	انوار
280	(d)	نندوئی	281	(b)	کاہلی	282	(c)	بے کار
283	(c)	حیوان	284	(d)	سر سید احمد خان	285	(d)	دلی قویٰ بے کار چھوڑنا
286	(c)	روزانہ محنت کرنے والے	287	(d)	حیوان صفت	288	(d)	غزل گو
289	(c)	کلاں	290	(b)	ممالک	291	(a)	دِلّی میں
292	(b)	مرزا سودا	293	(b)	واہ	294	(d)	ہرے بچھونے
295	(c)	بتوں سے باتوں کی	296	(c)	مخالف	297	(c)	آسان
298	(d)	آلام	299	(c)	خلق	300	(c)	کئی برس سے
301	(a)	صبح کے وقت	302	(a)	سبق	303	(d)	نانی
304	(c)	نہارہے ہیں	305	(b)	ظاہر	306	(d)	چودھرائن
307	(c)	اپنا گھر	308	(c)	قانونی	309	(d)	فہمین
310	(d)	تازیانے کے	311	(b)	دھنپت رائے	312	(a)	دھوئیں
313	(d)	دِل	314	(b)	زوال	315	(b)	عسرت
316	(b)	بیوی	317	(c)	سلاطین	318	(a)	مد
319	(a)	لاہور میں	320	(c)	صبح دس بجے	321	(b)	للّو
322	(c)	ریٹھے	323	(b)	گودام سے	324	(b)	ساگودانہ
325	(d)	طیور	326	(b)	بھلا کر ترا بھلا ہو گا	327	(b)	یقین
328	(c)	راز	329	(a)	امم	330	(b)	ثابت
331	(a)	تجمّل	332	(c)	رؤف	333	(c)	اختر
334	(b)	ڈرامہ	335	(d)	بہار	336	(a)	معدن
337	(d)	تین گھنٹے بعد	338	(b)	مرزا الم نشرح	339	(d)	جملہ مضامین
340	(b)	ہوا	341	(d)	شاخ بریدہ سے	342	(b)	غزل گوئی سے
343	(d)	تیس ہزار	344	(d)	داستان	345	(b)	پارسن
346	(c)	ہدایا	347	(a)	قطب	348	(d)	آہ وزاری کی
349	(b)	بُلبُل	350	(c)	کھنڈروں	351	(d)	ہاتھی

352	(a)	ہوہوکا	353	(a)	امیر مینائی	354	(b)	شریف
355	(a)	سنارن	356	(a)	اشعار	357	(c)	باب
358	(b)	امیرانہ	359	(c)	چائے کی	360	(c)	بیڈ منٹن کھیلنا اور ٹی وی دیکھنا
361	(c)	سادگی و مزاح	362	(b)	اتحاد و قومی یکجہتی کا	363	(d)	کٹی شاخ
364	(c)	بُعد	365	(b)	آرزو	366	(d)	تنبولن
367	(c)	اقالیم	368	(b)	امثال	369	(d)	یارانہ
370	(a)	انجام	371	(c)	احکام	372	(c)	کنوارا
373	(d)	بہو	374	(a)	عمل	375	(b)	امانتیں
376	(b)	ولی محمد	377	(c)	سلطانہ	378	(b)	لکھنؤ میں
379	(a)	خادم	380	(c)	مرثیہ کے	381	(d)	زوال
382	(b)	احادیث	383	(c)	تیتر	384	(a)	مسلمات
385	(a)	ملکہ	386	(a)	منشی پریم چند	387	(c)	بیزار
388	(c)	ایزد بخش	389	(b)	مرزا فرحت اللہ بیگ	390	(d)	تمام کا
391	(a)	تیرھویں سال	392	(a)	دو	393	(d)	فارسی زبان کا
394	(d)	مولانا شبلی نعمانی	395	(b)	نعت	396	(c)	مدرسین
397	(d)	لمحہ	398	(c)	ضعف	399	(c)	امجد اسلام امجد
400	(c)	خاموش لیٹے رہنے کی	401	(c)	کتاب پڑھ رہے تھے	402	(d)	مولوی کرم محمد
403	(d)	ریاض	404	(a)	عام	405	(a)	منشی پریم چند
406	(a)	زنانہ	407	(a)	گوالا	408	(b)	جذبات
409	(c)	علم	410	(c)	آم	411	(c)	تکان اور حرارت کی
412	(b)	سید امتیاز علی تاج کی	413	(b)	ختم کرنا یا کاٹنا	414	(b)	اذہان
415	(b)	فتح	416	(a)	مولانا محمد حسین آزاد			

☆☆☆☆☆

ماڈل پیپر 1 اُردو (لازمی) برائے جماعت نہم

(حصہ معروضی) کل نمبر: 15 وقت: 20 منٹ

سوال نمبر 1	ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

نمبر شمار	سوالات	A	B	C	D
1	حضرت امیر رضی اللہ عنہ سے مراد ہیں:	حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ	حضرت عمر رضی اللہ عنہ	حضرت عثمان رضی اللہ عنہ	حضرت علی رضی اللہ عنہ
2	مرزا غالب کے نہایت وسیع تھے:	اخلاق	افکار	خصائل	کردار
3	محمد حسین آزاد پیدا ہوئے:	آگرہ	دلی	جالندھر	اعظم گڑھ
4	سلیم کو آکر کس نے جگایا؟	نصوح نے	بیدارا نے	ماں نے	حضرت بی نے
5	ڈاکٹر کے مطابق میاں کو کیا بیماری تھی؟	شوگر	دل کی بیماری	سر درد	تکان اور حرارت
6	سبق "امتحان" کے مصنف ہیں:	سر سید احمد خان	کرنل محمد خان	مرزا فرحت اللہ بیگ	میرزا ادیب
7	کاکول اکیڈمی واقع ہے:	مظفر آباد	ایبٹ آباد	نتھیا گلی	گھوڑا گلی
8	بادِ صبا گھر گھر کس کا پیغام لیے پھرتی ہے؟	اللہ تعالیٰ کا	حضرت محمد ﷺ کا	صحابہ کرام کا	اولیاء کرام کا
9	نظم "پیوستہ رہ شجر سے امید بہار رکھ" کے خالق کون ہیں؟	امیر مینائی	میر تقی میر	مرزا غالب	علامہ اقبال
10	شاعر اضطراب کی حالت میں بار بار کہاں جاتا ہے؟	کوئے یار	محبوب کی چوکھٹ	میخانہ	اپنے گھر
11	"لطف" کی جمع ہے:	لطیف	الطاف	الطافت	لطائف
12	"دوستانہ" کا متضاد ہے:	آمرانہ	جابرانہ	مخالفانہ	موافقانہ
13	"مترادف" کی فہرست ہے:	راحت، آرام	حکایت، شکایت	حب، محبّ	شوق، خوف

14	"بھکاری" کی مؤنث ہے:	تنبولن	دھوبن	بھکارن	درزن
15	"ممانی" کا مذکر ہے:	ماما	مسات	ماموں	مہتر

(حصہ انشائی) کل نمبر: 60 وقت: 2:10 گھنٹے

(حصّہ اوّل)

2۔ حصہ نظم میں سے تین جبکہ حصہ غزل میں سے دو اشعار کی مختصر تشریح کیجیے: 10

(حصہ نظم)

(i) محرم بھی ایسا ہی جیسا کہ نا محرم — کچھ کہ نہ سکا جس پر یاں بھید کھلا تیرا

(ii) جیوں تیرے در پر ، مروں تیرے در پر — یہی مجھ کو حسرت یہی آرزو ہے

(iii) بادل ہوا کے اوپر ہو مست چھا رہے ہیں — جھڑیوں کی مستیوں سے دھومیں مچا رہے ہیں

(iv) ملت کے ساتھ رابطہ استوار رکھ — پیوستہ رہ شجر سے اُمید بہار رکھ

(حصہ غزل)

(v) آتش غم میں دل بھُنا شاید — دیر سے بُو کباب کی سی ہے

(vi) برہمن کو باتوں کی حسرت رہی — خدا نے بتوں کو نہ گویا کیا

(vii) میں بھی منھ میں زبان رکھتا ہوں — کاش پوچھو کہ مدعا کیا ہے

(حصّہ دوئم)

3۔ مندرجہ ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ خط کشیدہ الفاظ کے معانی، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھئے۔ 10

(i) تشریف آوری کی خبر مدینے میں پہلے ہی پہنچ چکی تھی۔ تمام شہر ہمہ تن چشم انتظار تھا۔ معصوم بچے فخر اور جوش میں کہتے پھرتے تھے کہ پیغمبر ﷺ آرہے ہیں۔ لوگ ہر روز تڑکے سے نکل نکل کر شہر کے باہر جمع ہوتے اور دوپہر تک انتظار کر کے حسرت سے واپس چلے آتے۔

(ii) آپ ابھی تک اسے مذاق سمجھ رہے ہیں حالانکہ میں بالکل نارمل ہوں۔ ابھی تک آپ تصویر کا ایک ہی رخ دیکھ رہے ہیں اور اب اس کا دوسرا رخ دیکھئے جو اتنا بھیانک اور خوفناک ہے کہ آپ کے تصورات کا شیش محل ابھی زمین بوس ہو جائے گا۔

4۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے: 10

(i) رسول پاک ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کیا ارشاد فرمایا؟ (ii) مرزا غالب کو کہاں کہاں سے خط آتے تھے؟

(iii) سلیم اپنے بھائی کے ساتھ مدرسے کیوں نہیں جاتا تھا؟ (iv) روزانہ آرام و سکون نہ کیا جائے تو اس کا کیا نتیجہ نکلتا ہے؟

(v) پھولوں میں کس کی خوشبو ہے؟ (vi) علامہ اقبال نے ڈالی اور شجر سے کیا مراد لیا ہے؟

(vii) بہادر شاہ ظفر نے اپنی کس بد نصیبی کا ذکر کیا ہے؟

(viii) جُوں جُوں امتحان کے دن قریب آتے جاتے، مضمون نگار کے دوستوں اور ہم جماعتوں کا کیا حال ہوتا؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھئے: (i) کاہلی (ii) قدرِ ایاز 05

6۔ نظم "برسات کی بہاریں" کا مرکزی خیال یا خلاصہ اور شاعر کا نام لکھئے۔ 05

7۔ بڑے بھائی کو خط لکھ کر خیریت دریافت کیجیے۔ -- یا --

فوڈ کنٹرولر کے نام راشن ڈپو کے خلاف درخواست لکھئے۔ 10

8۔ "دودھ میں پانی" کے عنوان سے کہانی تحریر کیجیے۔ -- یا -- مریض اور ڈاکٹر کے درمیان مکالمہ لکھئے۔ 05

9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے: 05

(i) حید کو خط لکھا۔ (ii) میں نے کتاب پڑھنا ہے۔ (iii) شہریار نے بکریوں کو مارا۔ (iv) میں دن مدرسے جاتا ہوں۔

(v) اپنے گریبان میں ہاتھ ڈالنا۔ -- یا --

درج ذیل جملوں کی تکمیل کیجیے:

(i) گڑ سے جو مرے تو_____ (ii) کاٹھ کی ہانڈی_____ (iii) طویلے کی بلا_____

(iv) زبان خلق کو_____ (v) قاضی کے گھر کے چوہے_____

☆☆☆☆☆

ماڈل پیپر 2 اُردو (لازمی) برائے جماعت نہم

(حصہ معروضی) کل نمبر: 15 وقت: 20 منٹ

سوال نمبر 1	ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C،B،A اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

نمبر شمار	سوالات	A	B	C	D
1	تجلی کی جمع ہے:	تجلّے	تجلات	تجال	تجلیات
2	جرائد کا واحد ہے:	جرید	جریدہ	جرود	جرد
3	گنوارن کا مذکر ہے:	گنوار	گنوارا	گنوارہ	گنوارو
4	خان کی مؤنث ہے:	خانی	خاننی	خانم	خانن
5	ضعف کا متضاد ہے:	قوت	تندرستی	جوانمردی	بیباکی
6	ہم ہیں مشتاق اور وہ:	ظالم	سنگدل	بیزار	بیوفا
7	طیور کہاں نغمہ زن تھے؟	باغوں میں	پھولوں میں	جنگلوں میں	خلوتِ اوراق میں
8	کون سا بندہ حمد سرا ہے؟	مومن	عابد	بندۂ نافرماں	فرماں بردار
9	دہشت گردی ختم کرنے کے لیے کس کے ساتھ کام کرنا ہو گا؟	فوج	پولیس	عوام	سب کے ساتھ
10	کرنل محمد خاں کا بنگلا کم و بیش کتنے رقبہ پر واقع تھا؟	ایک ایکڑ	دو ایکڑ	تین ایکڑ	چار ایکڑ

11	عام طور پر بلبل کو دعوت دی جاتی ہے:	چہچہانے کی	آہ وزاری کرنے کی	نغمہ گانے کی	پھول سے کھیلنے کی
12	اختر کے نزدیک نیازی کا قاتل تھا:	تجمل	رؤف	بابا	ملازم
13	جب شیخ امام بخش ناسخ مشاعرے میں پہنچے تو جلسہ:	شروع ہو چکا تھا	جاری تھا	ختم ہو چکا تھا	زوروں پر تھا
14	سبق "پنچایت" کے مصنف ہیں:	ڈپٹی نذیر احمد	منشی پریم چند	سیّد امتیاز علی تاج	مرزا ادیب
15	سبق "ہجرتِ نبوی ﷺ" میں حضرت امیر رضی اللہ عنہ سے مراد ہیں:	حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ	حضرت عمر رضی اللہ عنہ	حضرت عثمان رضی اللہ عنہ	حضرت علی رضی اللہ عنہ

(حصہ انشائی) کل نمبر:60 وقت: 2:10 گھنٹے

(حصّہ اوّل)

2۔ حصہ نظم میں سے تین جبکہ حصہ غزل میں سے دو اشعار کی مختصر تشریح کیجیے: 10

(حصہ نظم)

(i) محرم بھی ایسا ہی جیسا کہ ہے نا محرم — کچھ کہ نہ سکا جس پر یاں بھید کھلا تیرا

(ii) جسے جس طرف آنکھ ، جلوہ ہے اس کا — جو یک سو ہو دل تو وہی چار سُو ہے

(iii) ہر جا بچھا رہا ہے سبزہ ہرے بچھونے — قدرت کے بچھ رہے ہیں ہر جا ہرے بچھونے

(iv) ڈالی گئی جو فصل خزاں میں شجر سے ٹوٹ — ممکن نہیں ہری ہو سحابِ بہار سے

(حصہ غزل)

(v) ہستی اپنی حباب کی سی ہے — یہ نمائش سراب کی سی ہے

(vi) برہمن کو باتوں کی حسرت رہی — خدا نے بتوں کو نہ گویا کیا

(vii) بلبل کو باغباں سے نہ صیاد سے گلہ — قسمت میں قید لکھی تھی فصل بہار میں

(حصّہ دوئم)

3۔ مندرجہ ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ خط کشیدہ الفاظ کے معانی، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ 10

(i) منجھلا لڑکا میرا اہم جماعت ہے۔ ایک دن آموختہ یاد نہ تھا۔ مولوی صاحب نہایت ناخوش ہوئے اور اس کی طرف اشارہ کر کے مجھ سے فرمایا کہ کم بخت گھر سے گھر ملا ہے۔ اسی کے پاس جا کر یاد کر لیا کر۔ میں نے جو پوچھا: 'کیوں صاحب یاد کرا دیا کرو گے ؟'

(ii) کوّا باورچی خانے کے پاس بہت مسرور رہتا ہے۔ ہر لحظے کے بعد کچھ اٹھا کر کسی اور کے لیے کہیں پھینک آتا ہے اور درخت پر بیٹھ کر سوچتا ہے کہ زندگی کتنی حسین ہے۔ کہیں بندوق چلے تو کوّے اسے ذاتی توہین سمجھتے ہیں اور دفعتاً لاکھوں کی تعداد میں کہیں سے آجاتے ہیں۔ اس قدر شور مچتا ہے کہ بندوق چلانے والا مہینوں پچھتاتا رہتا ہے۔

4۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے: 10

(i) آنحضور ﷺ کے خلاف قریش نے کیا اشتہار دے رکھا تھا؟

(ii) جب استاد ذوق نے سوداؔ کو میرؔ پر ترجیح دی تو مرزا نے کیا جواب دیا؟

(iii) تجمل نے اختر کو کون سی خوشخبری سنائی؟ (iv) بلبل بہت سے موسیقاروں سے کیوں بہتر ہے؟

(v) دیہاتی لڑکے کی کہانی سن کر سلیم میاں پر کیا اثر ہوا؟

(vi) اقبال کے نزدیک امیدِ بہار کے لیے کس بات کی ضرورت ہے؟

(vii) امیر مینائی کے خیال میں حرمت و آبرو کس بات میں ہے؟ (viii) بہادر شاہ ظفر نے اپنی غزل میں کس بدنصیبی کا ذکر کیا ہے؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (i) پنچایت (ii) قدرِ ایاز 05

6۔ نظم "پیوستہ رہ شجر سے امیدِ بہار رکھ" کا مرکزی خیال یا خلاصہ اور شاعر کا نام لکھیے۔ 05

7۔ اپنی والدہ کے نام خط لکھیے جس میں موسم گرما کی تعطیلات کے سلسلے میں اپنی سرگرمیوں سے انہیں آگاہ کیجیے۔ -- یا --

اپنے ہیڈ ماسٹر کے نام حصول سرٹیفکیٹ کی درخواست لکھیے۔ 10

8۔ "نااتفاقی کا انجام" کے عنوان سے کہانی تحریر کیجیے۔ -- یا -- دو ہم جماعتوں کے درمیان مکالمہ لکھیے۔ 05

9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے: 05

(i) ہم نے اسلام آباد جانا ہے۔ (ii) ہمت کو ہارنا اچھی بات نہیں۔ (iii) عورتوں نے کہا ہم آتی ہیں۔

(iv) قبر پر پاؤں مارنا۔ (v) آپ آئے جاٹ آئے۔ -- یا --

درج ذیل جملوں کی تکمیل کیجیے:

(i) الٹے بانس _____ (ii) جتنی چادر دیکھیے _____ (iii) بات کھٹائی میں _____

(iv) غریب کی جورو _____ (v) کاٹھ کی ہانڈی _____

☆☆☆☆☆

ماڈل پیپر 3 اُردو (لازمی) برائے جماعت نہم

(حصہ معروضی) کل نمبر: 15 وقت: 20 منٹ

سوال نمبر 1	ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

نمبر شمار	سوالات	A	B	C	D
1	قوت کا متضاد ہے:	ضعیفی	بیماری	ضعف	بصارت
2	بہادر شاہ ظفر خاندانِ مغلیہ کے تاجدار تھے:	پہلے	آخری	تیسرے	چوتھے
3	الطاف حسین حالیؔ کے والد کا نام تھا:	یزدجرد	محمد بخش	ایزد بخش	نور محمد

نمبر	سوال				
4	نظیر اکبر آبادی کو اکبر آبادی اس لیے کہتے ہیں کہ وہ:	اکبر آباد میں پیدا ہوئے	وہاں زیادہ عرصہ مقیم رہے	ان کے بھائی وہاں رہتے تھے	وہ وہاں ملازمت کرتے تھے
5	سبق "امتحان" کے لکھاری کا نام ہے:	ڈپٹی نذیر احمد	مرزا فرحت اللہ بیگ	مرزا ادیب	نسیم حجازی
6	سانحہ پشاور کب پیش آیا؟	13 دسمبر 2014ء کو	14 دسمبر 2014ء کو	15 دسمبر 2014ء کو	16 دسمبر 2014ء کو
7	"آرام و سکون" ایک:	ناول ہے	افسانہ ہے	ڈرامہ ہے	انشائیہ ہے
8	"گئو دان" کا مصنف ہے:	غلام عباس	پریم چند	احمد ندیم قاسمی	ڈپٹی نذیر احمد
9	ماں کی گود میں کون سویا ہوا تھا؟	بلی	سلیم	لڑکی	بیدارا
10	"قاطع برہان" کے مصنف ہیں:	مرزا غالبؔ	ذوق	مومن	سودا
11	غالبؔ کی طبیعت میں بدرجہ غایت تھا:	مروت اور لحاظ	صبر	جود و سخا	اخلاق
12	بحر کی جمع ہے:	بحور	بحار	بحوریں	بحورات
13	آبا کی واحد ہے:	اب	آب	ابو	آبان
14	گرہست کی مؤنث ہے:	گرہستی	ضعیفہ	گرہستن	عورت
15	رانڈ کا مذکر ہے:	رنڈہ	رنڈوا	رونڈہ	مطلقہ

(حصہ انشائی) کل نمبر: 60 وقت: 2:10 گھنٹے

(حصّہ اوّل)

2۔ حصہ نظم میں سے تین جبکہ حصہ غزل میں سے دو اشعار کی مختصر تشریح کیجیے: 10

(حصہ نظم)

(i) گو سب سے مقدم ہے حق تیرا ادا کرنا — بندے سے مگر ہو گا حق کیسے ادا تیرا

(ii) یہاں ہے ظہور اور وہاں نور تیرا — مکاں میں بھی تو ، لامکاں میں بھی تو ہے

(iii) جنگلوں میں ہو رہے ہیں پیدا ہرے بچھونے — بچھوا دیئے ہیں حق نے کیا کیا ہرے بچھونے

(iv) جو نغمہ زن تھے خلوتِ اوراق میں طیور — رخصت ہوئے ترے شجر سایہ دار سے

(حصہ غزل)

(v) نازکی اس کے لب کی کیا کہیے — پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے

(vi) کہوں کیا ہوئی عمر کیونکہ بسر — میں جاگا کیا ، بخت سویا کیا

(vii) جان تم پر نثار کرتا ہوں — میں نہیں جانتا دُعا کیا ہے

(حصّہ دوئم)

3۔ مندرجہ ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ خط کشیدہ الفاظ کے معانی، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھئے۔ 10

(i) اس وقت جب کہ دعوت حق کے جواب میں ہر طرف سے تلوار کی جھنکاریں سنائی دے رہی تھیں، حافظ عالم نے مسلمانوں کو دارالامان مدینہ کی طرف رخ کرنے کا حکم دیا، لیکن خود وجود اقدس ﷺ جو ان ستم گاروں کا حقیقی ہدف تھا، اپنے لیے حکم خدا کا منتظر تھا۔

(ii) جی نہیں بیگم صاحبہ! تردد کی کوئی بات نہیں، میں نے بہت اچھی طرح معائنہ کر لیا ہے۔ صرف تکان کی وجہ سے حرارت ہو گئی ہے۔ ان دنوں آپ کے شوہر غالباً کام بہت زیادہ کرتے ہیں۔

4۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے: 10

(i) قوم کی بہتری کیسے ممکن ہے؟

(ii) سلیم کی ماں نے سلیم کے ساتھ نصوح کے پاس جانے سے کیوں انکار کیا؟

(iii) تصویریں اختر کی نہیں ہیں۔ اس انکشاف پر تجمل کا رد عمل کیا تھا؟ (iv) بھینس کس لحاظ سے انسان سے زیادہ خوش نصیب ہے؟

(v) سلیم میاں، علی بخش پر کیوں برہم ہوئے؟ (vi) پھولوں میں کس کی خوشبو ہے؟

(vii) نظیر اکبر آبادی کس شہر میں پیدا ہوئے؟ (viii) شاعر کا قلم کیا کام کرتا ہے؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھئے: (i) کاہلی (ii) امتحان 05

6۔ نظم "پیوستہ رہ شجر سے امیدِ بہار رکھ" کا مرکزی خیال یا خلاصہ اور شاعر کا نام لکھئے۔ 05

7۔ آپا کے نام چھٹیاں ایک ساتھ گزارنے کے لیے خط لکھئے۔ -- یا --

اپنے ہیڈ ماسٹر کے نام حصول سرٹیفکیٹ کی درخواست لکھئے۔ 10

8۔ "نااتفاقی کا انجام" کے عنوان سے کہانی تحریر کیجیے۔ -- یا -- درزی اور گاہک کے درمیان مکالمہ لکھئے۔ 05

9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے: 05

(i) علی نے لاہور جانا ہے۔ (ii) میں نے آج کی اخبار پڑھی۔ (iii) سامان، مکانات، دکانیں سب کچھ جل گئے۔

(iv) دروازہ کو بند کرو۔ (v) بوڑھی گھوڑی سرخ لگام۔ -- یا --

درج ذیل جملوں کی تکمیل کیجیے:

(i) غریب کی جورو سب کی ______ (ii) یہاں کا باوا آدم ہی ______ (iii) قاضی کے گھر کے ______

(iv) آپ آئے ______ (v) تخم تاثیر ______

☆☆☆☆☆